سینیٹر محسن عزیز: جناب چیئرمین! آج قوم معرکہ حق کو لے کر جو جوش و خروش دکھا رہی ہے، جس طریقے سے منا رہی ہے۔ ہم سمجھتے ہیں ہماری Air Force, Army, Navy نے دشمن کی یلغار کو جس طریقے سے منہ توڑ جواب دیا ہے۔ ہم اس کو سراہتے ہیں۔ اسی طریقے سے حکومت کے جو diplomatic efforts ہیں ان کے بھی ہم معترف ہیں جس میں انہوں نے Iran-Israel War and

American war میں جو کاوشیں کی ہیں، جو انتھک محنت کی ہے۔ ہم اس کے معترف ہیں۔ ہم opposition میں ضرور ہیں لیکن ہم پاکستانی ہیں۔

(جاری۔۔۔۔T07)

**T07-11May2026 FAZAL/ED: Waqas 06:30 pm**

سینیٹر محسن عزیز: (جاری ہے۔۔۔۔) لیکن ہم پاکستانی ہیں، ہم مسلمان ہیں، ہم محبِ وطن ہیں۔ جہاں ایک بات تعریف کرنے کی ہے وہاں ہم ضرور کریں گے لیکن جہاں پر ہمارا opposition کا کردار ہے وہ بھی ہم نے بخوبی ادا کرنا ہے۔ ہم سب کو معلوم ہے کہ ایک مستحکم ملک کے لیے political stability, economic stability اور law and order کا ہونا لازمی ہے۔ اس ملک میں جہاں اب ہم سب سے پہلے political stability کی بات کریں تو میں یہاں ضرور یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اس ملک میں جو سب سے popular party ہے، جو سب سے popular leader ہے وہ اس وقت عمران خان ہے اور وہ پابندِ سلاسل ہے اور اس وقت جو اسیر انِ سیاست ہیں۔

(مداخلت)

سینیٹر محسن عزیز: آپ خیر بات کرنے دیں۔ آپ please مجھے بات کرنے دیں۔

جناب چیئرمین: آپ بات کرنے دیں۔

سینیٹر محسن عزیز: اچھا جی، جو اسیر انِ سیاست ہیں۔ دیکھیں آپ بات تو سنیں ناں۔

جناب چیئرمین: منسٹر صاحب جواب دیں گے۔

سینیٹر محسن عزیز: اسیر انِ سیاست جو ہیں ان کا اس وقت ملک میں ہونا میں سمجھتا ہوں کہ ملک کے مفاد میں ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ان کی رہائی جو ہے وہ ملک کے مفاد میں ہے۔ ملک کی یک جہتی کے لیے ہے اور حکومت کو میں کہنا چاہتا ہوں کہ اس طرف ضرور توجہ دے۔

جناب چیئرمین: منسٹر صاحب جواب دیں گے۔

سینیٹر محسن عزیز: ضرور اس لیے توجہ دے۔ ساتھ ہی ساتھ ان کی family کے ساتھ ان کی ملاقات اور ان کی choice کے Doctors کے ساتھ ملاقات ضروری ہے۔ یہ میں اس لیے کہہ رہا ہوں کہ آج ملک کو اس کی ضرورت ہے۔ آج ہمیں یک جہتی کی ضرورت ہے۔ آج ہمیں یکجا ہونے کی ضرورت ہے۔ اس سے پہلے بھی ضرورت تھی لیکن آج بہت بڑھ کر ہے۔

جناب چیئرمین! دوسری طرف اگر آپ economic conditions کو دیکھیں۔اس میں سب سے پہلے آپ دیکھیں گے کہ جو petrol ہے، petrol کی قیمت اس وقت one dollar 42 cent کی parity یعنی 414 روپے پر ہے۔ یہ 62 فیصد پاکستان میں increase ہوا ہے۔ Bangladesh میں یہ one dollar 5 cent پر بک رہا ہے جو کہ ان کا 16 فیصد صرف increase ہوا ہے۔ India میں یہ 310 روپے کا ہے جو کہ one dollar 10 cent کی parity پر ہے، وہ ان کا صرف اور صرف 5 فیصد increase ہوا ہے اور کوئی increase نہیں کیا گیا۔

جناب چیئرمین! عجب بات اس میں یہ ہے کہ جب Brent oil and crude oil کی قیمت International market میں بڑھتی ہے تو یہاں اگلے روز ہی قیمت بڑھا دی جاتی ہے۔اس میں جو taxes اور levies ہیں ان کو بھی بڑھا دیا جاتا ہے۔ یہ حیرانگی کی بات یہ ہے کہ جو ہمارے strategic reserves ہیں، جو ہماری inventory یہاں پر پڑی ہوتی ہے، جو transit میں مال ہوتا ہے، جو refinery کے پاس مال ہوتا ہے، جو depot کے پاس مال ہوتا ہے، اس سارے کے اوپر حکومت یا وہ لوگ gain لے لیتے ہیں on the pretext کہ یہ جی oil بڑھ گیا ہے لیکن اس کا بوجھ کس پر آتا ہے؟اس کا بوجھ اس پر آتا ہے جو اس وقت دو وقت کی روٹی سے محروم ہے۔ تقریباً 120 روپے کی levy اس وقت لگا دی گئی ہے۔

جناب چیئرمین! عجب بات یہ ہے اور یہ عجیب منطق ہے کہ ایک شام کو بیٹھ کر منسٹر صاحبان قیمت طے کرتے ہیں، announce کرتے ہیں، وہ لاگو ہو جاتی ہے اور اگلے دن بڑے کمال سے یہ کہہ دیا جاتا ہے کہ Prime Minister Sahib, بڑے میاں صاحب کی فرمائش پر انہوں نے یہ کمی کر دی۔ یہ سارے عوام جانتے ہیں۔ یہ کیا بات ہے، یہ کس طریقے کے واقعات ہیں، عوام اس سے آج واقف ہے، اس لیے ایسی حرکات سے ہمیں اپنے آپ کو بچا کے رکھنا چاہیے۔ حکومت کو چاہیے کہ عوام کو relief دے نہ کہ وہ اس سستی شہرت کے پیچھے جائے۔

جناب چیئرمین! Petrol کی قیمت بڑھنے کی وجہ سے industry and business سب برباد ہو چکا ہے۔ ایک طرف تو بات کی جا رہی ہے کہ austerity drive کی جائے۔ دکانیں بند کر دی گئی ہیں، hotels شام کو بند کر دیے جاتے ہیں، restaurants بند کر دیے جاتے ہیں اور دوسری طرف جب آپ دیکھیں تو VVIP movement ہے یا VVIP movement

کے ساتھ even VIP کی movement ہے، evenہمارے جو اس کے نیچے درجے کے جو لوگ ہیں جو کہ بعض Grade-22 کے لوگ ہیں، ان کی آپ جو movement دیکھیں، ان کا protocol اسی طریقے سے جاری و ساری ہے۔ آپ دیکھیں کہ اگر ہمارے ایک Prime Minister Sahib کراچی کے دورے پر یا کسی اور جگہ دورے پر جاتے ہیں تو وہاں کیا ضرورت ہے کہ وہاں کا Governor بھی، وہاں کا CM بھی، وہاں کا IG بھی، وہاں کا Chief Secretary بھی، وہاں کے باقی Secretary صاحبان بھی بارہ بارہ گاڑیوں میں ان کو receive کرنے جائیں۔ آیا یہ ملک اس وقت اس کو afford کر سکتا ہے؟ اس luxury کو اور ان protocols کو afford کر سکتا ہے؟ میں سمجھتا ہوں قطعاً نہیں۔ آپ دیکھیے، پاکستان جیسا غریب ملک جو کہ اس وقت تباہی کے دہانے پر economically کھڑا ہے، آپ دیکھیے کہ اس میں صرف ہماری جو protocol کی گاڑیاں ہیں وہ 85 ہزار ہیں۔ 85 ہزار گاڑیاں ہماری protocol کی ہیں صوبوں کو ملا کر اور UK جیسا ملک جو ہے اس کے پاس 86 گاڑیاں ہیں۔ آپ اپنا اور ایک دوسری economy کا ایک موازنہ کر لیں۔ اگر آپ austerity کی بات کریں تو ہمیں یہ سبق لینا چاہیے، Croatia کی Prime Minister ہیں جنہوں نے عہدہ سنبھالنے کے بعد اپنی تمام لگژری گاڑیاں BMW اور Mercedes کاریں اور اپنے طیارے سارے کے سارے فروخت کر دیے کیونکہ وہ austerity drive کر رہے تھے۔ اگر آپ austerity drive کی بات کریں تو Ontario کے Premier نے ایک جہاز خریدا اور عوامی دباؤ کی وجہ سے اسے واپس کر دیا۔ Ontario وہ جگہ ہے جہاں فی کس آمدنی تقریباً 43 ہزار ڈالر ہے جبکہ ہماری 1500 یا 1800 ڈالر ہے۔ آپ موازنہ کریں، لیکن ہم یہاں جہاز خریدنے میں دیر نہیں کرتے۔ آپ مشاہدہ کریں کہ ہمارا قرضہ پچھلے چار سالوں میں 55 ٹریلین سے بڑھ کر 85 ٹریلین ہو گیا ہے، جس کا مطلب ہے کہ ہم روزانہ 20 بلین روپے کا اضافہ کر رہے ہیں اور اس میں، میں یہ بھی بتاتا چلوں کہ کوئی نئی سڑک، کوئی نیا سکول، کوئی نیا ہسپتال یا کوئی نیا پل نہیں بن رہا۔ یہ صرف اور صرف ہمارا قرض بڑھ رہا ہے اور میں آگے چل کر بتاؤں گا کہ یہ کس وجہ سے بڑھ رہا ہے۔ پچھلے چار سالوں میں بجلی اور گیس کی قیمتیں دوگنی ہو گئی ہیں۔ اس کے باوجود ہمارا گردشی قرضہ 2.2 ٹریلین سے بڑھ کر 3.2 ٹریلین ہو گیا ہے۔ قیمتیں بڑھنے کے باوجود ایک ٹریلین کا گردشی قرضہ بڑھ چکا ہے۔ Pakistan Steel Mills بند ہے لیکن خسارے میں ہے۔ کتنے خسارے میں ہے؟ بے پناہ خسارے میں ہے۔ اس حد تک کہ وہاں عملہ موجود ہے اور ہمیں انہیں نکالنے کی ہمت نہیں ہے۔

ہم سود کی مد میں ماہانہ 600 ارب روپے ادا کرتے ہیں۔ آپ دیکھیں کہ ہماری برآمدات جو چار سال پہلے 34 ارب ڈالر تھیں، آج وہ 30 ارب ڈالر پر آ گئی ہیں۔ بڑھنے کے بجائے چار ارب ڈالر کم ہو گئی ہیں۔ ہم نے IPPs کا بہت شور سنا ہے، بہت باتیں سنی ہیں کہ کچھ ہونے والا ہے لیکن جو بے ڈھنگی چال پہلے تھی وہ آج بھی ہے۔ اس میں کوئی بہتری نہیں آئی، کیوں؟ ہم سمجھنے سے قاصر ہیں۔

اسی طرح اگر آپ دیکھیں تو اس وقت Taxes 68% آپ ادا کرتے ہیں اور اگر Super Tax وغیرہ ملا لیں تو یہ 70 فیصد سے اوپر چلا جاتا ہے۔ جس کا مطلب ہے کہ اگر آپ کاروبار کرتے ہیں تو آپ کو صرف 30 فیصد بچتا ہے اور باقی 70 فیصد آپ حکومت کے لیے کام کر رہے ہیں۔ آپ حکومت کے ملازم کی حیثیت سے کام کر رہے ہیں، 30 فیصد خود رکھیں گے اور 70 فیصد میں وہ آپ کا حصہ دار ہے۔ اس کی مثال آپ کے سامنے ہے کہ Textile Industry اسی لیے بند ہو گئی ہے۔ اور جو ٹیکس دے رہا ہے، میں معذرت کے ساتھ کہتا ہوں کہ اسی کی کھال اتاری جا رہی ہے۔ اسی سے اپنا Tax Revenue اور Tax Target پورا کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے کہ وہی جو Taxpayer ہے اسی پر مزید بوجھ ڈال دیا جائے۔ ہم نئے Taxpayer نہیں لا سکتے۔ اس وقت ملک میں 40 وزارتیں اور 250 محکمے چل رہے ہیں اور ہم حیران ہیں کہ ایک طرف معاشی حالات ایسے ہیں اور دوسری طرف آپ پچھلے چار سالوں میں بینکوں کی پوزیشن دیکھیں۔ لوگوں کے، عوام کے 20 ٹریلین روپے بینکوں کے اندر موجود تھے۔ (جاری ہے۔۔۔۔T08)

T08-11May2026 Rafaqat Waheed/Ed: Waqas 6:40 pm

سینیٹر محسن عزیز: (جاری) لوگوں کے، عوام کے 20 ٹریلین روپے بینکوں کے اندر موجود تھے۔ آج 38 ٹریلین بینکوں میں موجود ہیں جس کا مطلب یہ ہے کہ 18 ٹریلین روپے لوگوں نے economy سے، بزنس سے اور انڈسٹری سے نکال لیے ہیں اور بینک میں ڈال دیے ہیں۔ وہ سود خوری کر رہے ہیں کیونکہ وہ سمجھتے ہیں کہ باقی بزنس کرنا فضول ہے، اس میں کوئی فائدہ نہیں ہے۔ چاہیے تو یہ تھا کہ پچھلے چار سالوں میں جو 18 ٹریلین روپے بینکوں میں پڑے تھے، وہ آج 10 ٹریلین ہوتے کہ لوگوں نے economy میں پیسا لگایا ہے۔ یہ بالکل اس کے برعکس ہو رہا ہے۔ آپ inflation کا اندازہ کریں تو اس وقت 15 فی صد ہے۔ گندم 50 فی صد، پیاز 40 فی صد، گوشت 15 فی صد، medicine کا تو پوچھیں ہی نہیں، 150 سے 200 فی صد مہنگی ہو گئی ہیں۔ اس میں آپ دیکھیں غریب کیسے گزارہ کر سکتا ہے، کیسے survive

کر سکتا ہے۔ انڈسٹری بند ہو گئی، collapse ہو گئی، بزنس بند ہو گئے، collapse ہو گئے جس کی وجہ سے نوکریاں ختم ہو گئیں۔ اوپر سے یہ چیزیں آپ دیکھیں، fertilizer کی مثال لے لیں۔ یہ ایک اور بہت بڑی بات ہے کہ اس وقت کسان fertilizer کو afford ہی نہیں کر سکتا۔ جب کسان اسے afford نہیں کر سکتا تو خاکم بدہن ہم تو food security کی دلدل میں جا کر پھنس جائیں گے۔ کہیں ہمیں food shortages کا سامنا نہ کرنا پڑے اور وہ imminent ہے، سامنے نظر آ رہا ہے۔ اگر fields کو fertilizer اور اسی طریقے سے ادویات نہ دی جائیں تو ان کا کیا حال ہو گا۔

جناب! ہم جب بات کرتے ہیں تو ایک mantra ساڑھے تین سال کی حکومت کا بیان کیا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ عمران خان کی حکومت نے یہ کر دیا لیکن اگر دیکھا جائے، انصاف سے دیکھا جائے، statistics دیکھے جائیں تو وہ جو ساڑھے تین سال تھے، اس میں growth تھی۔ اس میں export کی growth تھی، اس میں انڈسٹری کی growth تھی، اس میں GDP کی growth تھی۔ میں یہاں statistics پیش کرنا چاہتا ہوں، 1999 سے پہلے ہماری exports تقریباً 8.5 بلین ڈالرز تھیں۔ 2005 میں برآمدات 16 بلین ڈالرز ہوئیں۔ تقریباً 100 فی صد کا jump آیا۔ کس کی حکومت تھی؟ سب کو معلوم ہے، مشرف صاحب کی حکومت تھی۔ اس وقت یعنی 2005 سے لے کر 2025 تک ہم 16 بلین ڈالرز کو صرف 32 بلین ڈالرز کر سکے جس کا مطلب ہے کہ ہم صرف 100 فی صد increase کر سکے۔ اس کے مقابلے میں بنگلہ دیش والے 9 بلین سے 50 بلین ڈالرز پر گئے ہیں۔ یہ 450 فی صد increase ہے۔ آپ ویت نام کو دیکھیں، 32 بلین سے 405 بلین پر گئے ہیں۔ ان کا اضافہ 1,000 فی صد ہے۔ آپ انڈیا کو دیکھیں، 100 بلین سے 440 بلین پر گئے ہیں جو کہ 350 فی صد increase ہے۔ اس کا قصور وار کون ہے؟ اس کا جواب آنا چاہیے۔ ہمیں اس کو discuss کرنا چاہیے۔ ہمیں اس طریقے سے شعبدہ بازی نہیں کرنی چاہیے۔ ہمیں یہاں پر بیٹھ کر گفتگو کرنی چاہیے۔ یہ ہمارا ملک ہے۔

میں بات کو یہاں ختم کروں گا کہ دیکھیے، militarily اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے ہم نے ہندوستان کو defeat دے دی لیکن economically اگر ہم اس کو defeat نہیں دے سکیں گے اور اس کی برابری نہیں کر سکیں گے تو ہم بہت پیچھے رہ جائیں گے۔ پھر ہمارے لیے survive کرنا بہت مشکل ہو جائے گا۔ میں آپ کو بتاتا ہوں کہ پچھلی دو دہائیوں سے ان کی 6 سے 7 فیصد growth ہے۔ جو اگلی دو دہائیاں آنے والی ہیں، اس میں وہ 8 سے 10 فی صد growth, project کر رہے ہیں۔ آپ دیکھیں کہ وہ دنیا کی تیسری بڑی economy بننے

جا رہے ہیں۔ ان کی صرف ایک export جو کہ electronic goods کی ہے، وہ پچھلے چار سالوں سے zero سے 30 بلین ڈالرز پر چلی گئ ہے۔ وہ United States کو smart phones export کر رہے ہیں۔ وہاں پر foreign companies نے آ کر فیکٹریاں لگائی ہیں۔ سب مشینری ان کی وہاں پر بن رہی ہے۔ آپ ہمارے بھائی بنگلہ دیش کو دیکھ لیں کہ انہوں نے ابھی 17 نئے بوئنگ جہاز order کیے ہیں۔ یہ دنیا کی باتیں ہیں جبکہ ہماری حالت یہ ہے کہ ہمارے ہاں ایک چینی کمپنی Hengcheng Trading Corporation نے یہاں پر موجود اپنے دفتر بند کر دیے ہیں۔ باقی بھی بہت سے بند ہو گئے ہیں۔ وہ لکھتے ہیں کہ "business environment entering into heighted uncertainty, unclear, inconsistent and un-executable policy environment." ان وجوہات کے باعث انہوں نے اپنا دفتر بند کر دیا۔

میں آخر میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ابھی جو ایک environment آگیا ہے کہ جس میں سب سے پہلے سندھ نے ایک port tax لگایا جو کہ 1.85% ہے جو کہ raw material کے اوپر تھا۔ ابھی چار دن پہلے پنجاب نے ماشاءاللہ، 0.9% کے حساب سے finished goods کے اوپر ایک ٹیکس لگا دیا ہے۔ بہت اچھی بات ہے، یہ تو ایسے ہے جس طرح آپ کا turn over tax ایک فیصد ہو جائے۔ بہت ساری انڈسٹری تو ایسی ہے جو کہ 3 سے 4 فی صد پر اپنا survival کرتی ہے۔ اگر آپ ایک فی صد لے جائیں گے تو ان کے لیے کیا بچے گا؟ میں آخر میں صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ من حیث القوم ہمیں یہ فیصلہ کرنا ہے کہ ہم نے کس طریقے سے بچت کرنی ہے، ہم نے کس طریقے سے austerity کرنی ہے۔ چاہے اپوزیشن والے ہیں، چاہے حکومت والے ہیں، چاہے حکومتی مشینری ہے، چاہے جو بھی ہے، ہمیں اپنی چادر کے اندر رہنا ہے اور اسی میں ہماری survival ہے۔ ہم بزنس، انڈسٹری اور exports کو جب تک نہیں بڑھائیں گے اور جب تک اپنے tax system کو ٹھیک نہیں کریں گے اور long term policies نہیں بنائیں گے جس کا مطلب ہے long term tax policy, long term industrial policy, long term agriculture policy جب تک ہم یہ introduce نہیں کریں گے، اس وقت تک ہمارا survival مشکل ہے۔ بہت شکریہ جناب۔

جناب چیئرمین: عبدالقادر صاحب۔ یہ میں نے پانچ منٹ کی request کی تھی۔

## Motion moved by Senator Mohammad Abdul Qadir for amendment in Rule 22(2) of the Senate Rules

سینیٹر محمد عبدالقادر: جناب! میں وہ نعت شریف والا motion پیش کرتا ہوں۔

I seek leave under sub-rule 4 of Rule 278 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012 to move that in sub rule (2) of Rule 22 of the said Rules, after the expression "Urdu translation" the following expression shall be added, namely "and Naat".

Mr. Chairman: I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Please move the next motion.

Senator Mohammad Abdul Qadir: I move that the proposed amendment in sub rule (2) of Rule 22 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012 be taken into consideration and adopted.

Mr. Chairman: I put this motion to the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is carried and the amendment is adopted unanimously. Senator Ali Zafar.

## Further discussion on Motion under Rule 218 regarding the fall out of the recent war and the Government's plans to reduce expenditure

### Senator Syed Ali Zafar

سینیٹر سید علی ظفر: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! شکریہ۔ ہمیں بہت فخر ہے کہ اگر کوئی بھی دشمن پاکستان پر حملہ کرنے کا سوچے گا بھی تو ہم اس کو میزائل سے مار گرائیں گے لیکن اس حکومت نے جو نیا پٹرول بم اپنی ہی قوم پر مار دیا ہے، ہم اس کو مسترد کرتے ہیں۔ حالیہ پٹرول اور ڈیزل کی صورتحال کے متعلق جو بات ابھی سینیٹر محسن عزیز صاحب نے کی، PTI کی طرف سے قوم کے ساتھ کھڑے ہوتے ہوئے

اس ناجائز اضافے کی ہم شدید مذمت اور مکمل مخالفت کرتے ہیں۔ اس وقت پٹرول کی قیمت 415 روپے فی لٹر ہے۔ یہ غریب عوام پر ظلم ہے۔ یہ ثابت کرتا ہے کہ یہ حکومت نااہل ہے۔ (T09 پر جاری ہے)

T09-11May2026 Abdul Razique/Ed: Mubashir 06:50 p.m.

سینیٹر سید علی ظفر: (۔۔۔۔جاری) اس وقت پٹرول کی قیمت 415 روپے فی لیٹر ہے اور یہ غریب عوام پر ظلم ہے۔ یہ ثابت کرتا ہے کہ یہ حکومت نااہل ہے۔ یہ ثابت کرتا ہے کہ اس حکومت کو عوام کا کوئی خیال نہیں ہے۔ ابھی آپ حکومت سے سنیں گے اور حکومت یہ کہتی ہے کہ یہ ہم نہیں کر رہے بلکہ یہ تو عالمی منڈی کی وجہ سے ہیں۔ حقیقت تو یہ ہے کہ آج بھی عالمی منڈی میں 21 پیسے کی کمی ہوئی ہے۔ یہ increase نہیں بلکہ کم ہوا ہے۔ حکومت نے عوام کے ساتھ کیا کیا؟ انہوں نے مزید 17 روپے 91 پیسے کا ٹیکس لگا دیا ہے یعنی عالمی منڈی میں قیمتیں کم ہورہی ہیں اور یہاں ٹیکس 17 روپے 91 پیسے increase کیا جا رہا ہے۔ اگر آپ ایک لیٹر پٹرول میں ٹیکس کو دیکھیں تو petroleum levy کی مد میں 117.5 روپے ٹیکس لیا جا رہا ہے۔ میں حکومت سے پوچھتا ہوں کہ آپ ٹیکس کیوں بڑھا رہے ہیں۔ آپ ٹیکس کو ختم کریں یا کم کریں۔ اگر واقعی عالمی منڈی میں آپ نے کوئی ایسی deal کرلی ہے جس کی وجہ سے آپ کو پٹرول کی قیمت میں اضافہ کرنا پڑ رہا ہے تو کم از کم اس میں ٹیکس کم کریں۔ آپ ٹیکس کیوں increase کیے جا رہے ہیں؟ جناب، میں پھر یہ کہوں گا کہ یہاں اصلاحات نہیں ہو رہی اور یہ ایک ثبوت ہے نا اہلی کا اور ایک ثبوت یہ بھی ہے کہ عوام کی جیب کو کاٹا جا رہا ہے۔ خطے کے جو ممالک ہیں، تھوڑا سا اس کا بھی جائزہ لے لیتے ہیں۔ سینیٹر محسن عزیز نے بڑے عمدہ طریقے سے بتایا لیکن میں اس میں دو، تین چیزیں add کرنا چاہتا ہوں۔ جو Dubai crude ہے، وہ 170 ڈالر per barrel تھا جو آج 95 ڈالر per barrel ہو گیا ہے۔ وہ کم ہو رہا ہے۔ دہلی جو ہمارے ساتھ ہے، وہاں پاکستانی روپے میں 230 روپے سے بھی کم فی لیٹر ہے۔ اسی طرح ڈھاکہ میں 310 روپے میں پٹرول بک رہا ہے۔ اس خطے میں پاکستان ایک واحد ملک ہے جہاں پٹرول ان ممالک سے 140 روپے زیادہ میں بک رہا ہے۔ وجہ کیا ہے؟ میں پھر افسوس سے کہوں گا کہ نااہلی اور بھاری ٹیکس۔

(اس موقع پر جناب پریذائیڈنگ آفیسر سینیٹر محمد عبدالقادر کرسئ صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ جی سینیٹر علی ظفر صاحب۔

سینیٹر سید علی ظفر: .Welcome on the podium مہنگائی کا نیا طوفان، پیٹرول بم جو ہے یہ اس وقت گرایا گیا ہے جب مہنگائی ایک خطرناک حد تک پہنچ گئی ہے۔ اگر آپ دیکھیں تو بجلی 50 فیصد سے زیادہ مہنگی ہو گئی ہے، آٹا 91 فیصد سے زیادہ مہنگا ہو گیا ہے اور ٹرانسپورٹ اور خوراک کا جو system ہے، اگر آپ غور فرمائیں تو وہ تباہ و برباد ہو چکا ہے۔ کسان اور عوام پستے جا رہے ہیں۔ پنجاب حکومت کیا کر رہی ہے؟ انہی کی پنجاب حکومت جہاز خرید رہی ہے۔ مجھے ایک قصہ یاد آجاتا ہے۔ شاید سچ ہے یا جھوٹ لیکن قصہ بڑا بن گیا ہے اور وہ ایک مثال سمجھی جاتی ہے۔ جب rulers بے حس ہو جائیں، جب حکومت کرنے والے بالکل بے حس ہو جائیں اور عوام سے دور ہو جائیں تو اس کی مثال دی جاتی ہے۔ آپ کو پتا ہے کہ French Revolution آئی تھی اور وہاں سے سارا liberty کا concept اٹھا تھا۔ وہاں کی جو شہزادی تھی، شاید اس کا نام Marie Antoine تھا یا اسی قسم کا نام تھا، جو ان کا محل تھا، وہ اس میں بیٹھی تھیں تو باہر لوگ آ گئے۔ وہ دیوار پھلانگنا شروع ہو گئے اور گیٹ کو توڑنا شروع ہو گئے۔ اس نے اپنے منسٹر صاحب سے پوچھا کہ کیا وجہ ہے اور یہ لوگ کیا چاہتے ہیں؟ اس نے کہا کہ لوگ بھوکے ہیں، پیاسے ہیں اور revolution لانا چاہتے ہیں۔ وہ کہہ رہے ہیں کہ آپ لوگ بہت اچھا رہ رہے ہیں اور آپ کا سب کچھ توڑنا چاہتے ہیں۔ اس نے کہا کہ یہ کیوں بھوکے، ننگے ہیں اور کیک کیوں نہیں کھاتے ہیں۔ ?Why don't they eat cake اس وقت کی ruling class اپنے قوم کے مسائل سے اتنی دور تھی کہ اس کو لگا کہ وہ کیک کیوں نہیں کھاتے۔ تو یہ جو پنجاب حکومت نے اس وقت جہاز خریدا ہے، جب اتنی مہنگائی ہے، لوگ پس رہے ہیں اور بڑی بری حالت میں ہیں تو یہ جو جہاز خریدنا ہے، یہ اسی طرح ہے کہ .why don't they eat cake

جناب، حکومت جشن منا رہی ہے اور کہتی ہے کہ ہمیں آئی ایم ایف کی ایک اور قسط مل گئی ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ قسط نہیں بلکہ کچھ دن میں مزید ڈیڑھ کھرب روپے کا قرضہ پاکستان کی قوم پر چڑھ جائے گا۔ آپ کے سامنے میں پچھلے چار سالوں کے statistics لایا ہوں۔ 37 کھرب روپے کے قرضے لیے گئے ہیں۔ اس کے ساتھ آپ دیکھیں کہ یہ قرضے کیوں لیے جاتے ہیں تاکہ ہماری معیشت ترقی کرے۔ کوئی ترقی نہیں ہوئی۔ قرضے اس لیے لیے جاتے ہیں کہ کچھ اصلاحات ہوں اور economy میں بہتری ہو۔ کوئی بہتری نہیں ہوئی بلکہ ملک کی جو خود مختاری ہے، قرضے لے کر اسے داؤ پر لگا دیا گیا ہے۔ اسی سلسلے میں مجھ پر قوم کی ذمہ داری ہے کہ میں ایک corruption scandal کا ذکر کروں۔ Federal Investigation Agency جو انہی کی ہی ایجنسی ہے، اس نے

کیا کہا ہے؟ اس نے کہا ہے کہ یہ جو بڑی بڑی آئل کمپنیاں ہیں جو پٹرولیم کی سبسڈی لے رہی ہیں، یہ غیر قانونی طریقے سے لے رہی ہیں۔ ایک طرف یہ حال قوم کا کر رہے ہیں اور دوسری طرف ان کی یہ پالیسی ہے کہ جو طاقتور ہیں، انہیں بچاتے رہیں اور قوم کی جیب سے ٹیکس کے ذریعے اور پٹرولیم prices increase کرکے ان سے پیسے لیتے رہیں۔ قوم کی طرف سے ہمارا مطالبہ یہ ہے کہ پٹرولیم کی قیمتوں کو فوراً کم کیا جائے۔ ہمارا دوسرا مطالبہ یہ ہے کہ جو پٹرولیم taxes ہیں، وہ فی الحال ختم کیے جائیں۔ ہمارا تیسرا مطالبہ یہ ہے کہ پیٹرولیم کی قیمتیں جب طے کی جاتی ہیں اور جو اس کا پورا process ہے، حکومت کس process کے ذریعے وہ کر رہی ہے، وہ صاف شفاف طریقے سے ہمارے سامنے پیش کیا جائے۔ اسی چکر میں ایک اور سکینڈل بھی نکلا ہے۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان آئین اور قانون کے تحت ایک ادارہ ہے اور اس کے گورنر کی responsibility بھی آئینی اور قانونی ہے۔ اسٹیٹ بینک کے گورنر نے کیا اعتراف کیا ہے؟ انہوں نے یہ اعتراف کیا کہ 2023 سے لے کر آج تک حکومت نے قرضے کے طور پر 27 ارب ڈالر مارکیٹ سے خریدے ہیں۔ یہ قرض اس لیے لیا گیا کہ پاکستان کا جو روپیہ ہے، اسے مصنوعی طور پر stable رکھا جائے یعنی قوم کے ساتھ ایک پورا ڈرامہ کیا گیا کہ economy ٹھیک ہو رہی ہے لیکن 27 ارب ڈالر کا قرضہ لیا گیا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: حکومت کے ڈالر خریدنے سے ڈالر کی قیمت تو چڑھے گی نا؟

سینیٹر سید علی ظفر: اس سے rupee stable کرنا چاہ رہے تھے۔ جب حکومت پیسے لیتی ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ سرمایہ کاری increase ہونی چاہیے اور exports بھی increase ہونی چاہیے۔ اس کے بعد آپ کا balance of payment درست ہوتا ہے تو اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے گورنر نے جو یہ انکشاف کیا ہے، ایسا کرکے آپ نے صرف قرض بڑھائے ہیں اور economy کو کوئی فرق نہیں پڑا ہے۔ میں آخر میں یہ کہوں گا کہ اس کے ساتھ ہی پارلیمنٹ سے بھی جھوٹ بولا گیا۔ پارلیمنٹ سے کیسے جھوٹ بولا گیا؟ آپ نیشنل اسمبلی سے budget discussion کا record منگوائیے۔ Budget discussion میں حکومت سے یہ پوچھا گیا کہ آپ privately dollars تو borrow نہیں کر رہے ہیں؟ اس وقت حکومت نے کہا کہ نہیں ہم نہیں کر رہے۔ آج جو اعتراف کیا ہے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے گورنر نے کہ گورنمنٹ نے 27 ارب ڈالر مارکیٹ سے اٹھایا ہے تو یہ اس کا مطلب ہے کہ۔۔(جاری T10

سینیٹر سید علی ظفر: (جاری۔۔) ڈالرز تو نہیں، آپ غور کر رہے ہیں، تو اس وقت حکومت نے کہا کہ نہیں، ہم نہیں کر رہے۔ آج جو اعتراف کیا State Bank of Pakistan کے گورنر نے، کہ ہم نے 27 ارب ڈالر لیا ہے، اور اسے مارکیٹ سے اٹھایا ہے، تو اس کا مطلب ہے کہ اس دن، جس دن بجٹ کے وقت حکومت جواب دے رہی تھی، وہ درست جواب نہیں تھا۔

چار سال میں، جناب چیئرپرسن، آپ نے سوال بھی پوچھا، تو میں آپ کو دو تین نکات بنا دوں تاکہ میں بات ختم کروں۔ ملکی قرضہ جو تھا، 44 کھرب سے بڑھ کر 81 کھرب تک پہنچ گیا ہے۔ 40 کھرب سے بڑھ کر 81 کھرب بن چکا ہے، اور اس میں سے جو 7.5 ارب روپیہ ہے، وہ کس کے لیے استعمال کیا گیا؟ اس 27 ارب ڈالر کو خریدنے کے لیے۔ یعنی آپ خرچہ کر رہے ہیں، قرضہ لے رہے ہیں، کس چیز کے لیے؟ مزید قرضہ بڑھانے کے لیے۔ یہ کہاں کی economy ہے، سر؟ یہ کہاں کی صلاحیت ہے؟

اسی وجہ سے ابھی آپ دیکھتے ہیں۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ٹائم کا تھوڑا خیال رکھیں باقی لوگ بھی رہتے ہیں۔

سینیٹر سید علی ظفر: میں windup کر رہا ہوں لیکن میں بات point to point کر رہا ہوں۔ میں کوئی ادھر اُدھر کی بات نہیں کر رہا، بس میں ہر point آپ کو سمجھا رہا ہوں اور بتا رہا ہوں؛ یہ record پر ہے۔ اس کا جواب میں سننا چاہوں گا، ان تمام points کا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جام صاحب تشریف لائے ہیں، دیں گے جواب، ان شاء اللہ۔

سینیٹر سید علی ظفر: تو مسئلہ یہ ہے، جناب، کہ یہ سارا پیسہ، جس کا میں نے ابھی ذکر کیا، یہ تمام points ، عوام کے ساتھ ایک دھوکا ہیں، اور ہم یہ demand کرتے ہیں، پی ٹی آئی کی طرف سے، کہ اب یہ دھوکا عوام کے ساتھ بند کیا جائے۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: پی ٹی آئی کے دور میں ڈالر نہیں لیے؟

سینیٹر سید علی ظفر: جناب، میں تھوڑا سا objection کر دوں کہ آپ جب اس seat پر بیٹھ جائیں، تو آپ اس طرح کے comments نہیں دے سکتے، کیونکہ آپ ماشاء اللہ، اس seat پر جب بیٹھ گئے، اس کا مطلب ہے کہ آپ neutral ہو گئے۔

**Senator Amir Waliuddin Chishti**

سینیٹر عامر ولیُ الدین چِشتی: بہت شکریہ چیئرمین صاحب، بہت مبارک ہو، ماشاء اللہ، بڑے اچھے لگ رہے ہیں۔ چلیں، آئندہ بھٹو صاحب، آپ بیٹھ جائیں۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ میں بالکل متفق ہوں، علی ظفر بھائی صاحب کی بات سے، محسن عزیز صاحب کی بات سے، لیکن مسئلہ یہ ہے کہ مہنگائی کا سب کو پتہ ہے؛ مجھے بھی پتہ ہے، آپ کو بھی پتہ ہے، اور حکومتِ وقت کو بھی پتہ ہے کہ مہنگائی اس وقت سر چڑھ کر بڑھ رہی ہے۔ مسئلہ یہ ہے کہ ہم نے یہ طے نہیں کیا کہ ہمیں کرنا کیا چاہیے، چاہے وہ پی ٹی آئی کی government ہو، چاہے وہ پیپلز پارٹی کی، مسلم لیگ (ن)؛ جب تک یہ tax regime اور ہم IMF سے جان نہیں چھوڑیں گے، ہمارے مسائل حل نہیں ہوں گے۔ آج میں State Bank of Pakistan کے ہی record study کر رہا تھا، تو چاہے آپ مشرف دور لے لیں، چاہے وہ پی ٹی آئی کا دور لے لیجیے، یا آپ نون لیگ یا پیپلز پارٹی کا، کبھی بھی پاکستان میں FDI دو billion ڈالر سے زیادہ نہیں آئے گی۔ اس کی وجہ کیا ہے؟ اس کی وجہ بالکل صاف ہے کہ ہم وہ ecosystem ہی نہیں بنا پائے اپنے ملک کے اندر، جو کہ ہمارے پورے system کو چلا پائے۔ آج اگر آپ tax کی بات کریں، تو مجھے نہیں لگتا کہ شاید اس دفعہ tax کم کریں یا نہ کریں۔ corporate tax آپ کا 29% ہے، پھر آپ dividend لیتے ہیں تو اس پر 15% tax آ جاتا ہے، پھر اس کے اوپر آپ super tax لگا لیں، تو more than 50% آپ tax دے رہے ہو۔

(اس موقع پر ایوان میں اذان مغرب سنائی دی)

سینیٹر عامر ولیُ الدین چِشتی: جی، FDI کے حوالے سے میں اپنی گفتگو کر چکا ہوں کہ FDI نہ آنے کی وجہ یہی ہے کہ ہمارا tax regime بہت زیادہ بڑھ گیا ہے، اور اس کی وجہ ہماری energy کی مہنگائی بھی ہے۔ region کے اندر سب سے زیادہ مہنگی energy پاکستان کی ہیں، اس پورے region کے اندر سب سے زیادہ tax پاکستان میں more than 50% لگ رہا ہے، اور exports سب سے کم ہمارے ملک میں موجود ہے۔ تو اس کا جو واحد راستہ ہے کہ جب تک آپ اپنی economic activities کو grow نہیں

کریں گے، یہ possible نہیں ہے کہ ہم IMFکے چنگل سے نکل سکیں، اور یہ آپ کے جو loans ہیں IMF کے اور World Bank کے، یا different banks کے، وہ نہیں دے پائیں گے۔ میری درخواست حکومتِ وقت سے یہی ہے، خاص طور پہ ابھی وزیرِ commerce بھی یہاں تشریف رکھتے ہیں، اور ہم اپنی committee میں بھی تذکرہ کرتے ہیں کہ جب تک ہماری تجارت نہیں بڑھے گی، تو ہم کس طرح survive کریں؟ تجارت تبھی بڑھے گی جب آپ کے taxes کم ہوں گے، اور جو tax network میں آپ لوگوں کو لا رہے ہیں، آپ انہی کو بار بار grind کرتے ہیں، جو already taxes دے رہے ہوتے ہیں؛ آپ نئے لوگوں کو اس کے اندر includeنہیں کر رہے۔آپ نے agriculture sector کو بالکل آزاد کر دیا ہے کہ وہ نہ آئے۔ آپ نے quantity requirementتو IMF کے کہنے پر ضرور پوری کر لی تھی کہ آپ اس کو include کر لیں گے، لیکن اس کے اوپر tax جو ہے، وہ نہ صوبے لے رہے ہیں نہ وفاق لے رہا ہے۔ جب تک آپ ایک reaching count نہیں کریں گے کہ tax سب کو دینا ہے، ہر قسم کی incomeپر دینا ہے، تو یہ معاملہ چل نہیں پائے گا۔ میری آخر میں صرف درخواست یہ ہے کہ چونکہ نیا budget آنے والا ہے، تو کم از کم اس tax regimeکو آپ نے بہت زیادہ strengthen کرنا ہے، اور tax آپ جتنا کم کریں گے، اتنی ہی آپ کی economic activitiesبڑھیں گی۔ میں مزید جو بھی اپنی گزارشات ہوں، یقیناً budget میں کہوں گا، لیکن چونکہ علی ظفر صاحب نے، محسن عزیز صاحب نے کافی تفصیلی گفتگو کی تھی، تو میں اس کو second کرتا ہوں کہ مہنگائی تو ہے، لیکن اس کا حل بھی ہم سب نے مل کر، ان شاء اللہ، نکالنا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔ جی، اگر House کی رائے ہے، تو10 منٹ کے لیے break کر لیتے ہیں۔

(اس موقع پر نماز مغرب کے لیے دس منٹ کا وقفہ کیا گیا)

T11-11May2026 Naeem Bhatti/ED: Mubashir 7:30 pm

(اجلاس کی کارروائی بعد از نماز مغرب جناب پریذائیڈنگ آفیسر کی زیر صدارت دوبارہ شروع ہوئی)

-----------

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم۔ ہدایت اللہ صاحب! آپ بات کر لیں پھر دنیش کمار صاحب بات کر لیں گے۔

## Point of public importance raised by Senator Hidayatullah Khan regarding registration of Foreign Medical Graduates

سینیٹر ہدایت اللہ خان: شکریہ، جناب چیئرمین! ہم سب سے پہلے آپ کو مبارکباد دیتے ہیں کہ آپ نے نعت شریف کے لیے قرارداد پیش کی اور پھر پورے ایوان کو بھی مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے اسے متفقہ طور pass کیا۔ اللہ تعالیٰ نے اتنا اکرام کیا کہ آپ یہاں سے وہاں اوپر چلے گئے۔ جناب والا! میں ایوان کی توجہ اس جانب مبذول کروانا چاہتا ہوں کہ یہ کچھ لوگوں کی بات نہیں ہے، یہ ان بارہ سو طلباء کا مسئلہ ہے جنہوں نے اپنی زندگی کے قیمتی چھ سال دیارِ غیر میں بیٹھ کر، اپنے والدین سے الگ ہو کر اپنے بہن بھائیوں سے دور، اپنے ملک اور اپنے دوستوں سے دور رہ کر تعلیم حاصل کی۔ اب وہ یہاں آئے ہیں تو PM&DC نے انکار کر دیا کہ آپ لوگ دو دن late ہو گئے ہیں، اس وجہ سے ہم آپ کو register نہیں کر سکتے۔ انہوں نے اس پر احتجاج کیا، پھر یہ Peshawar High Court گئے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ہدایت اللہ صاحب! اس وقت سینیٹر محسن عزیز کا جو motion چل رہا ہے۔

سینیٹر ہدایت اللہ خان: جی میں اس پر بعد میں بات کروں گا، یہ ضروری بات ہے۔ Peshawar High Court نے ان کے حق میں فیصلہ دیا کہ انہیں فوراً register کریں۔ یہ معاملہ پھر Standing Committee میں گیا اور 25th August کو۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر صاحب! اگر آپ اس پر calling attention notice دے دیں گے تو حکومت کی طرف سے اس پر response بھی آجائے گا۔

سینیٹر ہدایت اللہ خان: Standing Committee نے یہ recommendation دی ہے کہ انہیں تین دنوں کے اندر اندر adjust کریں۔ اب سترہ تاریخ کو امتحان ہے اور آپ ruling دیں کہ ان طلباء کو امتحان میں حصہ لینے دیں۔ اگر یہ طلباء fail ہو گئے تو انہیں نہ لیں اور اگر یہ pass ہو جائیں تو انہیں register کریں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: اس پر report منگوا لیتے ہیں۔

سینیٹر ہدایت اللہ خان: اس پر report نہیں، یہ بہت اہم معاملہ ہے اور یہ زیادہ پیچیدہ ہو گیا ہے۔ ان میں خواتین بھی شامل ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی ٹھیک ہے، حکومت کی طرف سے وزیر صاحب آجائیں تو اس پر reply لے لیتے ہیں۔

سینیٹر ہدایت اللہ خان: جناب والا! میں ایک بات کی طرف آپ کی توجہ مبذول کروانا چاہتا ہوں کہ اس وقت Standing Committee on Power کے چیئرمین صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، تقریباً چار مہینے ہو گئے ہیں لیکن یہ کمیٹی کی meeting نہیں بلاتے۔ ہمارے کئی مسائل ہیں، آپ انہیں advice جاری کریں کہ اگر وہ خود کمیٹی کی Chair meeting نہیں کرنا چاہتے تو کسی اور ممبر کو اپنا نمائندہ مقرر کریں اور کمیٹی کی meeting call کریں، آپ اس پر ruling دیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: Leader of the House and Leader of the Opposition آپس میں بیٹھیں اور اس پر جلد از جلد کوئی فیصلہ کریں تاکہ کمیٹیاں فعال ہو سکیں۔

سینیٹر ہدایت اللہ خان: جناب والا! میں نے جس مسئلے کی طرف آپ کی توجہ مبذول کروائی ہے، براہ مہربانی آپ اس بات کا notice لیں۔ وزیر صاحب سے پوچھیں کہ سترہ تاریخ کو امتحان ہے، اس لیے سترہ تاریخ سے پہلے پہلے انہیں اس میں شامل کریں تاکہ یہ امتحان دے سکیں۔ اگر یہ امتحان میں pass ہو جاتے ہیں تو ٹھیک ہے، اگر یہ نالائق ہیں تو امتحان میں رہ جائیں گے۔ یہ ان کے لیے زندگی اور موت کا مسئلہ ہے۔ انہوں نے recognized universities سے تعلیم حاصل کی اور حکومت سے اجازت لے کر گئے ہیں۔ یہ 2018 سے 2024 تک مختلف ممالک کرغستان، ازبکستان اور افغانستان کی اچھی اچھی universities سے پڑھے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی ٹھیک ہے، ہم اس پر report منگوا لیتے ہیں اور جب وزیر صاحب آتے ہیں تو ان سے پوچھ لیتے ہیں۔

سینیٹر ہدایت اللہ خان: انہوں نے یہ کہا تھا کہ جو university 10000 US$ جمع کروائے گی، ہم اسے PM&DC کی رکنیت دیں گے۔ اس پر تقریباً تمام universities نے وہ رقم بھی جمع کروا دی ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ کی وزیر برائے صحت کے ساتھ meeting arrange کرتے ہیں، آپ اپنے یہ تمام concerns ان سے خود discuss کر لیں۔ شکریہ۔

سینیٹر ہدایت اللہ خان: ان کے حق میں Peshawar High Court نے فیصلہ دیا ہے، Standing Committee نے کہا ہے کہ تین دنوں کے اندر اندر ان کے مسائل حل کریں۔ اس کے بعد کون سا ادارہ رہ جاتا ہے جسے وہ انکار کرتے ہیں۔ اگر PM&DC ایسے کرتا ہے تو پھر حکومت صرف نام کی رہ جاتی ہے کیونکہ یہ بھی ایک حکومتی ادارہ ہے۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ سینیٹر دنیش کمار صاحب۔

## Further discussion on the motion moved under rule 218 regarding the fall out of the recent war and government's plan to reduce expenditures

**Senator Danesh Kumar**

سینیٹر دنیش کمار: شکریہ، جناب چیئرمین! میں تحریک پر بات کرنا چاہتا ہوں کہ مہنگائی اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے حوالے سے یہ تحریک پیش کی گئی ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: حکومت کی طرف سے کوئی بھی موجود نہیں ہے۔

سینیٹر دنیش کمار: حکومت کی طرف سے کوئی بھی نہیں بیٹھا ہوا ہے، ہم صرف خالی کرسیوں کو سنا رہے ہیں، اس پر کیا عملدرآمد ہو گا۔ میں بھی تو حکومت کا حصہ ہوں، مجھے تو شرمندگی ہوتی ہے کہ میں حکومت کا حصہ ہوں، میں کس کو سناؤں؟ ہم منافقت نہیں کرتے، ہم کہتے ہیں کہ ہم حکومت کا حصہ ہیں، ایسے بھی لوگ حکومت کا حصہ ہیں جو یہاں پر کہتے ہیں کہ وہ نہیں ہیں لیکن اندرونی طور پر وہ حکومت سے ملے ہوئے ہیں، ہم منافقت نہیں کرتے، ہم تو سیدھی بات کرتے ہیں کہ ہم حکومت کا حصہ ہیں۔

جناب والا! petroleum مصنوعات کی قیمتوں میں جو اضافہ ہوا ہے، اس کی وجہ سے پورے ملک میں مہنگائی کا طوفان آیا ہوا ہے۔ اس مہنگائی کے طوفان کی وجہ سے پہلے عوام parliamentarians کو گالیاں دیتے تھے، اب مجھے خدشہ ہے کہ خدانخواستہ اگر اسی طرح سے عوام پر مہنگائی کا سیلاب آتا رہا تو ہم سڑکوں پر جائیں گے۔ ہو سکتا ہے کہ عوام ہمیں اچھے انڈے اور اچھے ٹماٹر نہیں بلکہ گندے انڈے اور گندے ٹماٹر ماریں گے بلکہ اس سے بڑھ کر ہمیں جوتے بھی ماریں گے۔ اگر ہم نے اس پر توجہ نہ دی، میں آپ کو بتا دینا چاہتا ہوں، یہ منافقت والی بات نہیں ہے۔ آپ son of the soil ہیں، وزیر صاحب بھی آگئے ہیں، یہ بلوچستان سے ہیں، یقیناً وزیر صاحب اس بات کا جواب دیں گے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: یہ Science and Technology کے وزیر ہیں، ابھی دوسرے وزیر صاحب کو جواب کے لیے بلاتے ہیں۔

سینیٹر دنیش کمار: جناب والا! میں اس کا ایک سادہ حل بتا دیتا ہوں جو بلوچستان کے لوگوں کے پاس ہے۔ ہم بلوچستان کے لوگ اس مہنگائی سے نمٹنے کے لیے اپنے ناتواں کندھے استعمال کرنا چاہتے ہیں۔ اگر حکومت چاہے تو بلوچستان کے لوگ اس مہنگائی کے عذاب اور petroleum

مصنوعات کی بڑھتی قیمتوں سے پورے پاکستان کو نجات دلا سکتے ہیں۔ میں آپ کے توسط سے اس platform سے حکومت کو دعوت دیتا ہوں کہ بلوچستان کے لوگوں کو آزاد چھوڑیں تاکہ وہ ایران سے پیٹرول لا کر پورے پاکستان میں فروخت کریں اور ایک لیٹر پر حکومتِ پاکستان کو ایک سو پچاس روپے کا tax بھی دیں گے حالانکہ حکومت یہ tax ایک سو سترہ روپے لے رہی ہے۔ میں کہتا ہوں کہ بلوچستان کے لوگ اپنے ناتواں کندھوں پر بوجھ اٹھا کر ایک سو پچاس روپے حکومت کو tax دیں گے اور ایک لیٹر پورے پاکستان میں تین سو روپے کا دیں گے۔ یہ میری طرف سے پیشکش ہے، اگر آپ نے اس مہنگائی سے نجات حاصل کرنی ہے تو بلوچستان کے لوگوں کی خدمات حاضر ہیں، بلوچستان کے لوگوں کی خدمات لیں۔

(جاری------T/12)

T12-11May2026 Taj/Ed. Shakeel 07:40 p.m.

سینیٹر دنیش کمار: (جاری) اگر اس مہنگائی سے آپ نے نجات دلانی ہے تو بلوچستان کے لوگوں کی خدمات حاضر ہیں۔بلوچستان کے لوگوں کی خدمات لیں۔آپ دیکھتے ہیں کہ ابھی بھی بلوچستان کے لوگ کتنی جفا کشی سے اپنی جانوں پر کھیل کر وہاں سے پٹرول لاتے ہیں تو آپ اسے legal کر دیں۔ ایک اور بھی اعلان کرتا ہوں کہ آپ کے ڈالرز بھی نہیں جائیں گے، مال کے بدلے مال لیں گے، پاکستانی rupees کے بدلے تیل لائیں گے۔ اس سے آپ کے ڈالرز کی بھی بچت ہوگی۔ پٹرول فی لیٹر 400 روپے اور کچھ پیسوں کا ہے، ڈیزل اور پٹرول 300 روپے فی لیٹر پنجاب کے عوام کو بھی ملے گا۔ میرے خیال میں پنجاب کے عوام بھی بلوچستان کے لوگوں کو سراہیں گے۔ جناب! یہ میری چھوٹی سی تجویز ہے، اس پر اگر آپ کسی قسم کے احکامات دیں۔ وفاقی وزیر صاحب بیٹھے ہوئے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ٹھیک ہے، حکومت کو آپ کی suggestion پہنچا دی جائے گی۔

سینیٹر دنیش کمار: جناب! کس طرح سے پہنچا دی جائے گی؟

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: یہ وفاقی وزیر صاحب بیٹھے ہیں۔ ایوان میں ریکارڈ پر آ گئی ہے۔

سینیٹر دنیش کمار: اگر عابد شیر علی صاحب یقین دہانی کرائیں کیونکہ ان کی سنی جاتی ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: عابد شیر علی صاحب نہیں، یہ وفاقی وزیر صاحب بیٹھے ہیں، یہ کابینہ کا حصہ ہیں۔۔

سینیٹر دنیش کمار: جناب! وہ مسلم لیگ (ن) کے چہیتے سینیٹر ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ بھی مسلم لیگ (ن) کے چہیتے ہیں، بس تشریف رکھیں۔

*(At this stage, the House recognized the presence of former Senator Salim Zia in the Gallery)*

سینیٹر دنیش کمار: جناب! میں صرف دو باتیں کرکے ختم کرتا ہوں۔

جپ: ٹھیک ہے جی، جلدی کیجیے۔

سینیٹر دنیش کمار: جناب! میں ایک چیز کو appreciate کرتا ہوں کہ پاکستان میں گزشتہ مہینے اقلیتوں کے حوالے سے تین چار بہت بڑے events ہوئے جن میں ایسٹر کا تہوار، ہمارے ہنگلاج ماتا مندر کا میلہ جس میں تین لاکھ یاتریوں نے شرکت کی، ریکارڈ قائم کر دیا۔ اس کے بعد بدھ مت کے بانی گوتم بدھ مہاراج کی جنم دن کوئی سات، آٹھ بدھ مت ملکوں کے سفارتکاروں نے یہاں پر ٹیکسلا میں منائی۔ میں سمجھتا ہوں کہ حکومت بلوچستان، حکومت سندھ، حکومت پنجاب اور حکومت پاکستان کو credit جاتا ہے کہ جہاں پر دشمن ممالک کہتے ہیں کہ پاکستان میں اقلیتوں کو کوئی مذہبی آزادی نہیں ہے تو میں ان کو کہتا ہوں کہ عقل کے اندھو! دیکھو کس طرح سے مذہبی آزادی کے طور پر اتنے بڑے events منعقد کیے گئے مگر مجھے افسوس ہے کہ ہمارا میڈیا اس چیز سے غافل رہا اور اس سے فائدہ نہیں اٹھا سکا۔ وہ بین الاقوامی میڈیا کو یہاں پر مدعو کرتے اور پوری دنیا کو دکھاتے کہ پاکستان میں کسی قسم کا کوئی جبر نہیں۔ بہت بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ جناب منظور کاکڑ صاحب۔ اس کے بعد سینیٹر عطاء الرحمٰن صاحب، پھر اپوزیشن لیڈر صاحب کی باری ہے۔ جی۔

سینیٹر منظور احمد: شکریہ، جناب۔ مہنگائی پر دوستوں نے تفصیلاً بات کی ہے۔ حقیقتاً ہمیں عوام کی طرف دیکھنا چاہیے اور عوام کے لیے سوچنا چاہیے کہ اس مہنگائی کے دور میں ایک غریب آدمی تیس ہزار روپے میں اپنا گزارا کیسے کر سکتا ہے۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: حکومت کی طرف سے جس وزیر صاحب نے جواب دینا ہے، اس motion پر بات ہو رہی ہے تو کوئی موجود ہو تاکہ ان کو سنیں۔ خالد مگسی صاحب! آپ نے جواب دینا ہے تو ٹھیک ہے نہیں تو کسی کو اطلاع کرا دیں۔ اچھا نماز پڑھ کر آ رہے ہیں، چلیں ٹھیک ہے۔ جی منظور صاحب۔

سینیٹر منظور احمد: صوبے وفاق کی اکائیاں ہیں اور اس کے ساتھ جمہوریت کی بات کرتے ہیں، ہم کہتے ہیں کہ صوبے مضبوط ہوں گے تو وفاق، مرکز مضبوط ہوگا۔ یہ ایوان طاقت کا سرچشمہ ہے۔ اگر ہم اسے طاقت کا سرچشمہ بنانا چاہتے ہیں، ہم اس کو مضبوط کرنا چاہتے ہیں تو ہمیں صوبوں کو مضبوط کرنا ہوگا۔

## Points of public importance raised by Senator Manzoor Ahmed regarding (i) harassment of people of Balochistan in Sindh in the garb of illegal Afghan refugees; and, (ii) unwarranted delay in award of scholarships to the university students

سینیٹر منظور احمد: جناب! مہنگائی پر تو بات ہوئی ہے، تھوڑی بہت میں نے بھی کر دی ہے۔ایک issue ہے خاص کر سندھ کے حوالے سے میں یہ بات سامنے رکھوں گا۔ سندھ میں، جو میں نے کہا کہ ہم صوبے ہیں، تمام قومیں قدر اور عزت رکھتے ہیں۔ مہدی صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، پیپلز پارٹی کے جنرل سیکرٹری ہیں۔ سندھ میں خاص طور پر پشتونوں کے ساتھ جو رویہ رکھا گیا ہے، میں اس کی مذمت کرتا ہوں، جناب! اس لیے کہ بلوچستان، پنجاب، خیبر پختونخوا یا سندھ ہو، جو جہاں پر ہیں، جس صوبے میں رہتے ہیں ہمیں ان کی عزت اور قدر کرنی چاہیے۔ ہمیں ان کی مدد کرنی چاہیے کیونکہ ایک صوبہ چھوڑ کر دوسرے صوبے میں جاتے ہیں تو کوئی مستی سے نہیں جاتا، تمام لوگ مجبوری کے تحت وہاں پر جاتے ہیں۔ بلوچستان کی بات رکھوں گا، بلوچستان میں نہ کوئی فیکٹری ہے اور نہ کوئی کاروبار ہے، وہاں پر کوئی ایسی زندگی نہیں ہے۔ جو بارڈرز تھے، جو ابھی بات ہوئی، وہ بھی تقریباً بند ہو چکے ہیں۔ اس کے ساتھ اگر میں زراعت کی بات کر لوں تو وہ بھی تباہی کے دہانے پر ہے۔ اگر میں بجلی کی بات کروں، لوڈ شیڈنگ کی بات کروں تو وہاں پر 18 گھنٹے کی لوڈ شیڈنگ ہو رہی ہے تو زمینداری کیسے ہوگی۔ ایک تو drought کے حوالے سے جو نقصانات ہوئے ہیں، پھر واپڈا کی طرف سے جو چیزیں چل رہی ہیں، لوڈ شیڈنگ ہو رہی ہے۔ یہ سیزن پھل کا ہے لیکن بجلی نہ ہو تو لوگ کیا کر سکتے ہیں۔ اگر میں بلوچستان میں گیس کی بات کروں تو یہی حال ہے۔ اگر باقی چیزیں، فیکٹریوں کی بات کروں تو یہ حال ہے جبکہ پشتون سندھ میں اپنے کاروبار کرنے کے لیے گئے ہیں، چاہے ان میں ترین ہوں، اچکزئی ہوں، سید ہوں، کاکڑ ہوں، جو بھی قومیں ہیں وہ وہاں پر اپنے کاروبار کرنے کے لیے گئے ہیں۔ اپنے گھر چھوڑ کر گئے ہیں، اپنے بچے چھوڑ کر گئے ہیں۔ وہاں پر روزگار کے لیے گئے ہیں کہ وہاں پر کچھ روزگار ہوگا تاکہ وہ اپنے گھر کی کفالت کر سکیں لیکن وہاں پر آئے روز، آپ سوشل میڈیا پر دیکھ لیں کہ وہاں پر چاہے restaurants ہوں، ہاں، اگر restaurants والے illegal کام کر رہے ہیں، جو وہاں پر directions دی گئی ہیں کہ وہ چیزوں کو باہر نہیں رکھ سکتے، اگر ایسا ہے تو بالکل

سندھ حکومت کو کرنا چاہیے، اس پر ہم آپ کے ساتھ agree بھی کرتے ہیں لیکن جو لوگ وہاں پر روزگار کے لیے گئے ہیں ان کو ناحق تنگ کیا جاتا ہے تو میرے خیال میں، جناب! یہ مناسب بات نہیں ہے۔

اس کے ساتھ ساتھ وہاں پر رمضان کاکڑ ہے جنہوں نے مجھ سے رابطہ کیا ہے، پیپلز پارٹی سے ان کا تعلق ہے اور وہ restaurants کا صدر بھی ہے۔ باقی دوستوں نے میرے ساتھ رابطہ کیا ہوا ہے۔ وہاں پر پولیس والے لوگوں سے بھتہ لے رہے ہیں، اگر بھتہ دیا تو آپ کاروبار کر سکتے ہو، اگر بھتہ دیا تو آپ پاکستانی ہو، اگر بھتہ نہیں دیا تو پھر آپ افغان مہاجر بھی declare ہو اور آپ کا کاروبار بھی بند ہو جاتا ہے۔ وہ یہ کہتے ہیں کہ ہم تو پیسا دینے کے لیے تیار رہیں، ہم ٹیکس دینے کے لیے تیار رہیں لیکن وہ ٹیکس، وہ پیسا حکومت کے کھاتے میں چلا جائے تو بہتر ہے، نہ کہ چندلوگوں کی جیبوں میں چلاجائے۔ اب DCs, SPs, DSPs یا SHOs ہوں، جب وہاں پر صبح کے وقت بسیں پہنچتی ہیں، لوگ سندھ اس لیے جاتے ہیں کہ کوئی بیمار ہوتا ہے، بیماری کے حوالے سے جاتا ہے، کوئی کاروبار کے لیے جاتا ہے۔ جب پانچ بجے وہاں پر بس پہنچتی ہے، جب لوگ اترتے ہیں تو راستے میں ماشاءاللہ، پولیس والے کھڑے رہتے ہیں، اب ہم کیا کہیں، پولیس والے اچھے بھی ہیں، بہت اچھے بھی ہیں اور اس میں کچھ کالی بھیڑیں بھی ہیں، اس کو ہمیں ماننا بھی چاہیے۔ اب وہ ان کو روک کر ان کی تلاشی لیتے ہیں، اس تلاشی میں اگر ان کو کچھ پیسے ملتے ہیں تو ٹھیک ہے، اگر پیسے نہیں ملتے تو پھر ان کو تھانے لے جاتے ہیں، بند کر دیتے ہیں تو یہ کب تک چلتا رہے گا۔

جناب والا! یہاں پر کچھ students کی بات ہوئی ہے۔ ان کا یونیورسٹی میں داخلہ بھی ہو چکا ہے، اسکالرشپ بھی ملی ہے لیکن ان میں اکثریت کو نہیں دیا جارہا ہے۔ ان کا تعلق خیبر پختونخوا، پنجاب، سندھ اور بلوچستان سے بھی ہے۔ ان میں تمام زبانیں بولی جانے والے ہیں، وہ بچے اُدھر ہی گھوم پھر رہے ہیں، وہاں پر ان کی کوئی نہیں سن رہا ہے۔ جناب! اس حوالے سے میں یہ کہنا چاہتا ہوں، میں سندھ حکومت سے request کرنا چاہتا ہوں یا اس کو آپ قائمہ کمیٹی برائے داخلہ میں refer کر دیں، وہاں پر Additional I.G. کو بلالیں یا کمشنر کو بلالیں تاکہ ہم اس پر بحث کر سکیں۔ بلوچستان اسمبلی میں بھی اس کے خلاف ایک قرارداد پاس ہوئی ہے۔ تو ہم کہتے ہیں کہ یہاں پر بھی کوئی mechanism بنے تاکہ اس پر ہم بات کر سکیں۔ ہم وزیراعلیٰ سندھ سے بھی یہی request کریں گے کہ وہ ہمیں وقت دے دیں، ہم جاکر ان کے ساتھ بھی ملاقات کر لیتے ہیں۔ یہ بڑا issue ہے۔ جناب! غریبوں کو ناجائز تنگ کیا جارہا ہے۔۔۔

Mr. Presiding Officer: Agreed.

سینیٹر منظور احمد: وہ لوگ محب وطن ہیں، پاکستان سے پیار کرنے والے لوگ ہیں۔ کبھی بھی اگر ایسی history ہو تو بالکل ہم اس کے خلاف ہیں۔ اگر افغان مہاجر ہیں، غیر قانونی ہیں، ہم اس کے خلاف ہیں لیکن اگر وہاں پر روزگار کے لیے ایک سترہ سال کا بچہ گیا ہے، اس کا شناختی کارڈ نہیں بنا ہے تو وہ اس کو بھی Foreign Act میں پکڑ کر اندر کر دیتے ہیں۔ (جاری۔۔۔T13)

T13-11May2026 Ali/Ed: Shakeel 07:50 pm

سینیٹر منظور احمد: (جاری ہے۔۔۔۔) تو وہ اس کو بھی foreign act میں پکڑ کے اندر کر دیتے ہیں، چیئرپرسن صاحب یہ زیادتی ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: منسٹر صاحب، اس کو کمیٹی میں بھیجیں یا آپ ابھی خود address کر لیں گے؟ آپ address کر لیں گے، ٹھیک ہے۔ اچھا۔ Opposition Leader Sahib, پہلے پانچ منٹ مولانا عطاالرحمان صاحب بات کر لیں، پھر آپ بات کر لیجیئے گا۔ میں کہہ رہا ہوں کہ یہ Motion پر بات ہو جائے اور Motion talked out ہو جائے۔ آپ کے ہی ساتھی ہیں نا، مولانا عطا الرحمان صاحب بات کرنے لگے، غور سے سنیں۔

**<u>Point of Public Importance raised by Senator Atta-ur-Rehman regarding the target killings and Law and Order situation in Khyber Pakhtoon</u>**

سینیٹر عطاء الرحمان: بسم اللہ الرحمن الرحیم، نحمدہ و نصلی و نسلم علی رسولہ الکریم، اما بعد۔ جناب چیئرمین! بہت افسوس کے ساتھ عرض کر رہا ہوں کہ گزشتہ کل بنوں میں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: عطاء الرحمان صاحب اصل میں یہ ہے کہ پہلے rules کے تحت Motion میں بات ہو جائے تو پھر، ابھی آپ نے بات شروع کر دی، اب کریں لیکن briefly کریں۔

سینیٹر عطاالرحمان: بنوں میں جو واقعہ کل رونما ہوا ہے، اس میں ہمارے اندازے یا ہماری معلومات کے مطابق کوئی پینتیس سے چالیس کے درمیان پولیس کے نوجوان شہید ہوئے ہیں اور یہ چوکی جہاں بنی ہوئی ہے یہ بنوں شہر کے بالکل قریب ہے، تین چار کلومیٹر پر، نہ کہ یہ کہیں افغانستان کے border پر ہے یا وہ بہت دور ہے اور صرف یہ نہیں کہ وہاں کوئی پانچ منٹ، دس منٹ کارروائی ہوئی ہے، ساری رات وہاں firing ہوتی رہی اور ان کی مدد کے لیے کوئی force کا بندہ، کوئی agencies کا بندہ، کوئی دوسری force وہاں نہیں گئی کہ ان کو سن

سکے یا بتا سکیں کہ کیا ہوا ہے۔ لوگ آتے ہیں، گاڑی اندر جاتی ہے، blast ہوتا ہے، لاشیں پڑی ہوتی ہیں اور وہ صبح تک پڑی رہتی ہیں، کوئی پوچھنے والا نہیں ہے۔ اب آپ بتائیں کہ ہمارے صوبہ خیبر پختونخوا کا یہ حال ہے، کل ہم حضرت مولانا شیخ محمد ادریس صاحب کو رو رہے تھے، یہاں آپ کے سامنے ہم روئے ہیں۔ آج بنوں میں واقعہ ہوا ہے۔ آئے روز ہمارے صوبہ خیبر پختونخوا میں، آئے روز ہمیں تو پتہ نہیں چلتا کہ وہاں حکومت کس کی ہے۔ ان درندوں کی حکومت ہے یا حکومت کی کوئی رٹ بھی ہے وہاں؟ یہ نہیں کہ بنوں سے بہت دور کسی border پر جا کر ہوا ہے، یہ بنوں شہر سے چند کلومیٹر دو چار کلومیٹر کے فاصلے پر چوکی ہے۔ اس پر دھاوا بولا گیا ہے، اس کے اندر دھماکا ہوا ہے، اس کے اندر پینتیس سے چالیس نوجوان مارے گئے ہیں، شہید ہوئے ہیں، لیکن کوئی پوچھنے والا نہیں ہے اور یہی صورتحال اس کی ہے۔ اب ہمیں آپ بتا دیں کہ ہم کدھر جائیں؟ کس کے سامنے روئیں؟ Parliament کی یہ حالت، ہماری Police Force کی یہ حالت ہے اور کوئی پوچھنے والا نہیں ہے، وہاں کوئی ان کی لاشیں اٹھانے والا نہیں ہے، کوئی ان سے پوچھنے والا نہیں۔ آئے روز یہاں کمیٹیاں بھی بن جاتی ہیں، امن کے جرگے بھی ہوتے ہیں۔ ہمارے صوبہ خیبر پختونخوا میں بھی امن کے جرگے ہوتے ہیں، وہاں بھی کمیٹیاں بنائی جاتی ہیں، وہاں بھی سب کچھ ہوتا ہے۔ یا تو ہمیں کہہ دیں کہ آپ فضول لوگ یہاں بیٹھے ہوئے ہیں، اصل میں تو آپ لوگ یہاں نہ تو حکومت کرنے کے حق دار ہیں اور نہ آپ لوگوں کو یہ اختیار حاصل ہے کہ آپ اس طرح کی بات کریں۔ ہم کس کے سامنے روئیں؟ کہاں روئیں؟ اگر Parliament نہیں سنے گی، اگر حکومت نہیں سنے گی، تو پھر یہاں ان لوگوں کو بیٹھانے کی کیا ضرورت ہے؟ کیا ہمیں صرف اس لیے بٹھایا گیا کہ ہم امریکہ اور ایران کے درمیان صلح کریں؟ ہم نے قوم کی طرف متوجہ نہیں ہونا؟ صوبوں میں امن کی طرف متوجہ نہیں ہونا؟ ہم خوش ہیں جی کہ ہم تو بڑے ثالث بن گئے ہیں، اچھی بات ہے۔ شیخ ادریس صاحب کا یہی جرم تھا نا کہ انہوں نے اس چیز کو appreciate کیا کہ پاکستان کا نام بلند ہوا ہے۔ اس جرم کی سزا میں ان کو مارا گیا اور قاتل کہاں گئے؟ کچھ پتہ نہیں ہے۔ زمین نگل گئی، آسمان میں چلے گئے، کہاں چلے گئے؟ کچھ پتہ نہیں ہے۔ ہم مطالبہ کرتے ہیں، ان کے مجرموں کو پکڑو، وہ اسی طرح آونیاں جانیاں دکھا رہے ہیں اور آگے پیچھے کچھ پتہ نہیں ہے کہ کیا ہوا۔

اب اس کے بعد یہ بنوں کا واقعہ ہوا ہے۔ اب ہم پوچھیں گے کہ بھئی یہ کیا ہوا ہے؟ کیوں force وہاں نہیں پہنچی؟ کیا حکومت کا کام صرف ان لوگوں کو تنخواہیں دینا ہے؟ یہ لوگ اگر قوم کی حفاظت نہیں کر سکتے، اگر ملک کے اندر کی حفاظت نہیں کر سکتے، یہ border پر میری کیا حفاظت کریں گے؟ اگر تھوڑی بہت کی ہے تو ہم نے appreciate کیا ہے، ہم نے ان کو داد دی ہے، لیکن صرف داد وصول کرنے کیلئے

آپ لوگ کارروائی کریں گے؟ آخر یہ قوم ہے، یہ ملک ہے، یہ صوبہ ہے، آپ کا صوبہ ہے، اپنا صوبہ ہے، اپنے لوگ ہیں۔ اپنے لوگوں کے ساتھ یہ رویہ، یہ ہماری سمجھ سے بالاتر ہے۔ اگر اس طرح کی بات ہے کہ آپ لوگوں نے یہاں قوم کی نمائندگی نہیں لانی، اس وقت جو ہماری نمائندگی ہے، وہ ہم سمجھتے ہیں کہ یہ قوم کی نمائندگی نہیں ہے۔ یہ ہمارے forces کی نمائندگی ہے، ہمارے establishment کی نمائندگی ہے۔ ہم جسے چاہتے ہیں، وہ پارلیمنٹ میں پہنچ جاتے ہیں، جسے نہیں چاہتے، وہ نہیں آتے۔

لہٰذا تھوڑی بہت مہربانی کریں کہ ساری ساری رات وہاں ہمارے جوان پڑے رہے، کوئی پوچھنے والا نہیں تھا، کوئی دیکھنے والا نہیں تھا، کوئی لاش اٹھانے والا نہیں تھا۔ ریاستی machinery کہاں ہے؟ ہماری agencies کہاں ہیں؟ اور اس چیز کا اظہار ایک مرتبہ نہیں کئی کئی مرتبہ ہم کر چکے ہیں کہ آیا یہاں پر حکومت عوامی نمائندوں کی ہے یا بندوق والوں کی حکومت ہے؟ ہمارے ہاں تو بندوق والوں کی حکومت ہے۔ رات کو آتے ہیں، بندوق کی کارروائی کرتے ہیں اور چلے جاتے ہیں۔ دندناتے پھرتے ہیں پورے صوبے میں، کوئی پوچھنے والا نہیں ہے۔ اگر ایسا ہی کرنا ہے تو پھر یا تو ہمیں سیاست چھوڑ دینی چاہیے، ہمیں اس ملک میں سیاست نہیں کرنی چاہیے، ہمیں ملک انہی لوگوں کے حوالے کر دینا چاہیے کہ یہاں establishment اپنی حکومت جاری رکھے اور عوام کے اصل نمائندوں کو یہاں نہ آنے دیا جائے، ان کو حکومت نہ بنانے دی جائے اور ہر طرح سے ان کے ہاتھ پاؤں باندھ کر ڈال دیا جائے کہ وہ جس کے رحم و کرم پر ہوں، جس طرح ہو قوم زندگی گزارے، ہمارا اس سے کوئی سروکار نہیں۔

لہٰذا اس طرح کی چیزیں قومیں بناتی نہیں ہیں، قومیں بگاڑتی ہیں۔ اس سے ملک کو تحفظ نہیں ملتا، اس سے ملک کمزور ہوتا ہے۔ آج تو ہم ہر طرح کی کمزوریوں کے باوجود اپنے بڑوں کے ساتھ کھڑے ہیں، لیکن خدانخواستہ، خدانخواستہ، کل یہ قوم ان نمائندوں کے ساتھ، اس حکومت کے ساتھ، یہاں کی establishment کے ساتھ نہ کھڑی ہوئی، تو پھر آپ بتائیں کہ ہوگا کیا؟ لہٰذا میں دست بستہ گزارش کروں گا کہ ہماری ان باتوں پر توجہ دی جائے، کوشش کی جائے کہ حقیقی معنوں میں یہاں قوم کے نمائندوں کو لایا جائے اور صحیح معنوں میں یہاں پر قوم کی نمائندگی ہونی چاہیے، بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ عطاءالرحمان صاحب، اب یہ ہے کہ Opposition Leader Sahib Motion پر بات کرنا چاہتے ہیں، آپ آپس میں فیصلہ کرلیں۔ وہ جواب لیتے ہیں، کیونکہ یہ میں Motion پر بات کروالوں، پھر وقار صاحب سے بات کرتے ہیں۔ آپ بتائیں، پانچ منٹ، چلیں کامل علی آغا صاحب، .please۔ مولانا صاحب کا mic کھولیے۔

سینیٹر عطاءالرحمان: لکی مروت میں، میں نے پہلے بھی ایک مرتبہ گزارش کی تھی، وہاں ہمارے اباخیل میں telenor اور اس کے tower کام نہیں کر رہے۔ یہاں اس وقت ہمیں جواب بھی دیا گیا، لیکن ابھی تک وہی صورتحال ہے کہ وہاں telenor وغیرہ کام نہیں کرتے ہیں۔ یہ کمیٹی کے سپرد بھی کیا تھا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ٹھیک ہے، اس کو کمیٹی میں بھیج دیا جاتا ہے، تشریف رکھیں۔ کامل علی آغا صاحب بات کریں۔

سینیٹر راجہ ناصر عباس (قائد حزب اختلاف): اجلاس شروع ہونے سے پہلے میں چیئرمین صاحب سے ملا تھا اور میں نے کہا تھا کہ میں نے گفتگو کرنی ہے، بات کرنی ہے۔ (جاری ہے-----T16)

T14–11May2026 Imran/ED: Waqas 08:00 pm

سینیٹر راجہ ناصر عباس (قائد حزب اختلاف): (جاری-----) میں نے کہا تھا کہ میں نے گفتگو اور بات کرنی ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میں تو آپ کو دے رہا ہوں۔ وہ تو کامل علی آغا صاحب نے خود آپ کو request کی ہے۔

سینیٹر راجہ ناصر عباس: کتنا late ہو گیا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: نہیں، آپ نہیں تھے۔ دیکھیں، علی ظفر صاحب نے سترہ منٹ بات کی ہے۔

سینیٹر راجہ ناصر عباس: کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ میں نے خود بھی نہیں بولنا تھا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: اچھا ٹھیک ہے۔ ابھی کامل علی آغا صاحب کے بعد آپ بات کر لیں۔

سینیٹر راجہ ناصر عباس: جی ٹھیک ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: کامل علی آغا صاحب، آپ بات کریں۔

## Further discussion on the Motion under 218 regarding the fallout of the recent war and government's plan to reduce expenditure

**Senator Kamil Ali Agha**

سینیٹر کامل علی آغا: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ میں سب سے پہلے تو سینیٹر محسن عزیز صاحب نے motion پیش کی ہے، تو اُس پر کچھ بات کروں گا۔ کچھ دوسرے issues جو میرے بھائیوں نے اُٹھائے ہیں، اُن پر میں بھی بات کرنا چاہتا ہوں۔ گزارش یہ ہے جی کہ یہ بڑی خوشی کی بات ہے کہ پاکستان نے معرکہ بنیان مرصوص اور معرکہ حق میں فتح حاصل کی اور پوری قوم مبارک باد کی مستحق ہے۔ افواج پاکستان اور بالخصوص ہماری فضائیہ مستحق ہے کہ اُن کو شاباش بھی دی جائے اور خراج تحسین بھی پیش کیا جائے۔

لیکن بات یہ ہے کہ ہر جنگ کا کچھ نہ کچھ fallout بھی ہوتا ہے۔ اُس میں یقینی طور پر جب طلب اور رسد کا آپس میں تضاد ہوتا ہے تو پھر رسد جیت جاتی ہے اور طلب ہار جاتی ہے۔ ہمیشہ یہ economics کا اصول ہے تو یہاں پر بھی یہی کچھ ہوا ہے بلکہ یہاں پر کچھ زیادہ ہی ہوا۔ ارد گرد کے جو ممالک ہیں اُن میں وہ اثرات نہیں آئے اور اُنہوں نے شاید مہنگائی کا مقابلہ کرتے ہوئے عوام کو relief دیا۔ انڈیا جیسے بڑے ملک کے اندر پٹرول کی قیمتیں صرف چھ فیصد، جو report ہے، وہ بڑھیں۔ بنگلا دیش میں آپ دیکھ لیں، سری لنکا میں دیکھ لیں، کسی جگہ پر بھی سولہ فیصد سے زیادہ اثرات مرتب نہیں ہوئے اور وہاں پر قیمتیں نہیں بڑھیں۔ یہ افسوس ناک بات ہے کہ پاکستان میں ساٹھ فیصد سے زیادہ قیمتیں بڑھی ہیں جس کا fallout یہ ہوا کہ سبزیوں تک یعنی غریب کی خوراک پر اتنا اثر ہوا ہے کہ پچھلے کئی سالوں سے آمدن بڑھ نہیں رہی اور ہماری حکومت یہ claim کرتی ہے گو کہ بڑی development ہو رہی ہے اور ملک بہت ترقی کی طرف جا رہا ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ پچھلے کئی سالوں سے عام آدمی کے روزگار پر بڑے برے اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ لوگوں کو روزگار میسر نہیں ہے اور اگر میسر ہے تو وہ اتنا ہے کہ اُن کے اخراجات پورے کرنا بہت مشکل ہے یعنی جو غریب آدمی ہے، وہ تکلیف میں ہے۔

ایک غریب آدمی جب اپنے گھر تربوز لے کر جاتا تھا تو وہ پوری family بیٹھ کر اُس کو کھاتی تھی اور وہ خوش ہو جاتا تھا کہ چلو، آج بچوں نے کچھ کھا لیا لیکن آج اُس کی قیمت دیکھیں۔ جو پچھلے سال تیس روپے کلو تھا، آج وہ اسلام آباد میں سو روپے کلو بِک رہا ہے۔ پنجاب میں پھر بھی وہ سستا ہے اور لاہور میں اسّی روپے میں مل جاتا ہے لیکن آپ اندازہ لگائیں کہ کتنے گنا زیادہ مہنگائی ہوئی ہے۔ یہ میں عام استعمال کی چیز کا بتا رہا ہوں، جو موسمی پھل ہے، تو آگے کیا ہو رہا ہے اور کیا ہونے جا رہا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ حکومت کو چاہیے کہ عوام کے حق میں فیصلہ کریں،

IMF کے حق میں فیصلہ نہ کریں۔ چھوڑ دیں اُس کی جان، وہ کھا ہی جائے گا۔ اگر امریکہ ایران کو نہیں کھا سکا تو ہمیں بھی IMF نہیں کھا سکے گا۔ یہ حوصلہ رکھیں۔ ہم مقابلہ کریں گے، پوری قوم متحد ہے۔ اس پر شکرانہ ادا کریں۔ جب متحد ہیں تو فیصلے بھی وہ کریں جو اُن کی فلاح کے لیے ضروری ہیں۔ وہ فیصلہ کریں اور وہ فیصلہ یہ نہیں ہوگا کہ آپ ایک سو اٹھانوے روپے levy وصول کریں، فی لیٹر پر taxes وصول کریں۔ اُس کو ختم کریں۔ عام آدمی کو اگر پٹرول سستا ملے گا اور transportation سستی ہو گی تو پھر ضرورت کی اشیا بھی کم قیمت پر میسر آئیں گی۔

سب سے بڑی بات یہ کہ ٹھیک ہے کہ یہ ایسا وقت ہے کہ اِس میں لوگوں کو روزگار دینا آپ کے لیے مشکل بنا ہوا ہے اور آپ اُن کی تنخواہوں میں اور اُن کے وسائل میں اضافہ نہیں کر پا رہے لیکن اشیائے ضروری تو سستی کریں۔ غریب آدمی کو کم از کم دال روٹی کھانے کے قابل تو کریں۔ اگر حکومت یہ نہیں کر سکتی تو پھر ہماری حکومت کا فائدہ اور مقصد کیا ہے؟ مقصد بھی تو دیکھنا چاہیے۔ حکومت کا مقصد تو facilitate کرنا ہوتا ہے اور خاص طور پر غریب آدمی کو۔ عوام جو بے چارے اِس امید پر بیٹھے ہوتے ہیں کہ حکومت ہمارے لیے کچھ کرے گی۔

Law and order کی حالت عطاء الرحمٰن صاحب نے بتا دی ہے، کامران مرتضٰی صاحب نے بتا دی۔ میں سمجھتا ہوں کہ دیکھیں اِس ملک میں کیا ہو رہا ہے؟ یعنی گوادر کو آپ دیکھیں۔ اِس وقت گوادر میں آپ کو جو ایک facility اور ایک chance ملا ہے کہ گوادر rehabilitate ہو رہا ہے اور وہ reactivate ہو رہا ہے۔ وہاں پر لوگوں کو مزدوری ملنا شروع ہوئی ہے۔ وہاں پر جہاز لنگر انداز ہونا شروع ہوئے ہیں تو اُس وقت پولیس کی مزدوروں پر firing کرنا، یہ تو دشمن کا منصوبہ ہے۔ کامران مرتضٰی صاحب نے بڑی اہم چیز کی نشان دہی کی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ حکومت کو فی الفور اس کی inquiry کرنی چاہیے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی میں نے اس کو note کر لیا ہے۔

سینیٹر کامل علی آغا: ڈاکٹر صاحب! یہ میری خصوصی گزارش ہے۔ دیکھیں، یہ ایک موقع ملا ہے۔ اس جنگ کے نتیجے میں جہاں پر سو قسم کی مصیبتیں پاکستان پر نازل ہوئی ہیں وہاں پر گوادر reactivate ہوا ہے۔ وہاں پر جہاز لنگر انداز ہونا شروع ہو گئے ہیں تو وہاں پر لوگوں کو مزدوری ملنی شروع ہو گئی ہے۔ غریب آدمی کو روزگار ملنا شروع ہو گیا ہے۔ وہاں کے حالات کو آپ دیکھیں تو اگر وہاں پر مزدور کام کر رہا ہے تو اپنی جان پر کھیل کر کام کر رہا ہے۔ اُن کو facilitate کرنے کی ضرورت ہے۔ اُن کے جان و مال کے تحفظ کی ضرورت ہے۔ تو ہمیں چاہیے، حکومت کو چاہیے، میں حکومت کا حمایتی ہوتے ہوئے یہ کہہ رہا ہوں کہ یہ بہت بڑا failure ہے کہ وہاں پر مزدوروں پر گولی چلی ہے اور پولیس نے چلائی

ہے۔ اس کا notice لینا چاہیے اور میں سمجھتا ہوں کہ جنھوں نے یہ غلطی کی ہے اور جنھوں نے یہ فیصلہ کیا ہے، اُنہیں نشان عبرت بنا دینا چاہیے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی بہت شکریہ۔

سینیٹر کامل علی آغا: دیگر چیزیں جو یہ اسلام آباد کی بات کر رہے ہیں تو میں سمجھتا ہوں یہ ایک بڑی خاص بات ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ سندھ میں کاکڑ صاحب نے جو نشان دہی کی ہے تو ذاتی طور پر چونکہ ہم وہاں بڑے عرصے سے کاروبار کر رہے ہیں تو وہاں پر دراصل جو حقیقت ہے وہ یہ ہے کہ سندھ میں وہاں ایک تو protected پٹھان ہیں۔ وہ protected پٹھان کون ہے؟ وہ ایک سیاسی جماعت کے ساتھ وابستہ ہیں۔ یہ میں کوئی گلہ نہیں کر رہا بلکہ یہ اچھی بات ہے کہ اگر کسی political party نے اُنہیں جائز حد تک protection دی ہوئی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس کو appreciate کرنا چاہیے۔ یہی سیاست کا فائدہ ہے جو انہیں میسر ہوا ہے لیکن اسی فیصد پٹھان، خاص طور پر کراچی میں جنہیں میں نے study کیا ہے، وہ ہیں جو unprotected ہیں۔ اُن کو حکومت کی طرف سے protection کی ضرورت ہے۔ میں سمجھتا ہوں اُن کو protect کرنا چاہیے۔ اُن کے ساتھ کوئی زیادتی نہیں ہونی چاہیے۔ وہ law abiding لوگ ہیں، کاروبار کے لیے کراچی میں آئے ہوئے ہیں، روزگار کے لیے آئے ہوئے ہیں، تو حکومت کا فرض بنتا ہے کہ اُن کو protect کریں اور یقینی طور پر یہ نشان دہی ہوئی ہے۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ پیپلز پارٹی ایک اچھی political party ہے جس کو سیاست کی قدر و منزلت کا بھی پتا ہے اور احساس بھی ہے۔ اُن کو چاہیے کہ اُن اسی فیصد پٹھانوں کے سر پر شفقت کا ہاتھ رکھیں تاکہ وہ بے چارے اُس شفقت کے ذریعے اپنے بچوں کا پیٹ پال سکیں اور law abiding facilities اُن کو ملتی رہیں تاکہ وہ بے چارے اپنے بچوں کی لیے روزگار اور اُن کی تعلیم کی طرف توجہ دے سکے۔ بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: اپوزیشن لیڈرز آپ بات کریں۔

**<u>Senator Raja Nasir Abbas - Leader of the Opposition</u>**

سینیٹر راجہ ناصر عباس: جی شکریہ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اس سے پہلے کہ میں اپنی گفتگو کا آغاز کروں ۔۔ (جاری۔۔۔۔۔T15)

T15-11May2026 Abdul Ghafoor/ED: Shakeel 8:10 pm

سینیٹر راجہ ناصر عباس: (جاری۔۔۔۔) جناب چیئرمین! شکریہ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم! اس سے پہلے کہ میں اپنی گفتگو کا آغاز کروں، اپنے لیے تذکرے کے طور پر خدا قرآن میں کہتا ہے کہ آپ کا جو دیکھنا ہے، بولنا ہے، مفہوم یہ ہے کہ قرآن میں اگر سب کو اکھٹا کریں، گفتگو کرنا ہے،

سننا ہر ایک کی جواب دہی اور جواب طلبی ہے۔ ہم یہاں پر جو بولتے ہیں، خدا کے ناموں کے نیچے بیٹھے ہوئے ہیں اور جب کسی کو جواب دیتے ہیں یا اعتراض کرتے ہیں یا اس کی گفتگو میں ہی بولنا شروع کر دیتے ہیں، میرے خیال میں ہمیں خدا کو حاضر و ناظر جاننا چاہیے کہ ہمارے استاد کہا کرتے تھے کہ ہم اللہ کے بارگاہ میں ہیں، خدا کے محضر میں ہیں، خدا غائب نہیں ہے ہر جگہ موجود ہے، ہر جگہ حاضر ہے اور ناظر ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں توفیق دے کہ ہم غفلت سے نکلیں اور اس کو حاضر و ناظر جان کر باتیں کریں۔

جناب والا! جو Motion جناب محسن عزیز صاحب نے پیش کیا ہے، اس میں تذکرہ ہے کہ ایک جنگ کے نتیجے میں جو صورتحال پیدا ہو رہی ہے۔ جس ملک پر حملہ کیا ہے، دو ایٹمی طاقتوں نے جارحیت کی ہے، اُس ملک کے اندر کوئی emergency declare نہیں ہوئی، کسی قسم کی کوئی راشن بندی نہیں ہوئی ، کوئی مارکیٹوں کے اندر، petrol pumps کے اندر لائنیں نہیں لگی ہیں۔ کیوں ایسے ہو گیا؟ اس لیے کہ پوری قوم اس مشکل کو face کرنے کے لیے کھڑی ہو گی۔ اُن کو ضرورت نہیں پڑی کہ لوگوں میں خوف و ہراس پیدا ہو جائے، چیزوں کی کمی ہو جائے گی۔ لوگ ساتھ ہیں، اعتماد کرتے ہیں اپنے System پر، اپنی ریاست پر، اپنی حکومت پر۔ مشکل گھڑی ہے، لوگ میدان میں آگئے اور انہوں نے کسی قسم کی emergency پیدا نہیں ہونے دی۔

پاکستان کے اندر اور اسی طرح سے افغانستان میں دیکھ لیں، وہاں اتنا اثر نہیں ہوا landlocked country ہے، وہاں اس طرح سے چیزوں کی قیمتیں نہیں بڑھی ہیں۔ آپ نے باقی دوستوں کو سن لیا، میں اُس کا تکرار نہیں کرتا ہوں۔ پاکستان ابھی سے نہیں، جب سے گزشتہ چار سال سے آپ دیکھ لیں ابھی آپ یہاں پر خود بیان فرما رہے تھے جناب سینیٹر سید علی ظفر صاحب کہ کتنے ہزار trillion کا قرضہ لیا گیا۔ جب پاکستان میں 27 ارب dollar مارکیٹ سے خریدا گیا۔ اسٹیٹ بنک Commercial Banks کو قرضے دے رہا ہے اُس دن سے اُس نے profit بڑھا دیا ہوا ہے۔ جب businessmen ultimately کو پیسے دیں گے تو وہ مہنگے دیں گے۔ پاکستانی تاجر businessmen پہلے بجلی کی قیمتیں بڑھ گئی ہیں transport کی قیمتیں بڑھ گئی ہیں، مہنگائی بڑھ گئی ہے competition ہی نہیں کر سکتا۔ جب پاکستان کی export کم ہو جائیں گی، آپ کا tax بھی کم ہو جائے گا، روزگار بھی کم ہو جائے گا بے روزگاری بڑھ جائے گی۔

پاکستان کے اندر واقعاً adhoc base پر سیاسی system کو چلایا گیا، بے توجہی کی گئی۔ دیکھیں، ضروری نہیں ہے کہ ایک بہت بڑا اچھا جج ہو اور وہ جناب والا! کہے کہ میں ڈیم بھی بنا لوں گا، نہیں بنا سکتا، اُس کا کام ہی نہیں ڈیم بنانا۔ ممکن ہے ایک آدمی بہت زبردست جرنیل ہو،

جنگ میں کامیابی حاصل کرے لیکن ضروری نہیں ہے کہ وہ پاکستان کے اقتصادی نظام کو بھی چلا لے اور سیاسی نظام کو بھی چلا لے۔ یہ سارا کام حکومت کا ہے۔ ہر ایک کی اپنی ڈیوٹی قانون اور آئین کے اندر لکھی ہوئی ہے۔ کسی نے border کی حفاظت کرنی ہے، security امن وامان کا خیال رکھنا ہے۔ کسی نے پاکستان کے اندر سیاسی صورتحال کو control کرنا ہے، سیاسی بحران پیدا نہیں ہونے دینا، کسی نے معاشی نظام کو سنبھالنا ہے، یہ جو failure ہے، بہت خطرناک failure ہے۔ پاکستان میں پہلے ہی لوگوں کا اپنے system سے اعتماد اٹھ چکا ہوا ہے، trust deficit بہت زیادہ ہے، بیروزگاری بہت بڑھ رہی ہے، غربت بڑھ رہی ہے۔ کیا بیروزگاری بڑھنے سے لوگوں کا اعتماد بڑھ جائے گا اپنے system پر؟ کیا غربت بڑھنے سے اعتماد بڑھ جائے گا؟

گزشتہ پچاس سالہ اپنی تاریخ کی اسب سے کم، پاکستان میں سرمایہ کاری ہو رہی ہے۔ اُس کا GDP کی نسبت دیکھ لیں India کو دیکھیں کتنی ہے۔ اسی طرح سے آپ Bangladesh کو دیکھ لیں Vietnam کو دیکھ لیں اور پاکستان کو دیکھ لیں۔ پاکستان سے India کی تین گنا زیادہ Investment ہے، سرمایہ کاری اپنے ملک کے اندر GDP کی نسبت ایک downfall ہے۔ پچیس، چھبیس کروڑ عوام کا ملک اگر غربت ایسے بڑھتی رہی، مہنگائی بڑھتی رہی اور ہم کسی کو اعتماد میں نہیں لیتے۔ آپ یہاں پر سینیٹرز سے پوچھ لیں، کسی کو پتا ہے کیا ہو رہا ہے؟ MNAs سے پوچھ لیں پتا ہے کیا ہو رہا ہے؟ اعتماد میں لیا جا رہا ہے؟ عوام کیا سوچتے ہیں؟ اُن کا کیا حال ہے؟ یہاں پر مولانا صاحب بھی کہہ رہے تھے یہ اچھا اقدام ہے اور پہلے یہ کہہ دوں کہ India کو شکست دینے کو حملہ اُس نے کیا ہم سارے اُس میں شریک تھے۔ کون ایسا شخص ہو سکتا ہے کہ اُس کے وطن پر حملہ ہو اور لا تعلق ہو جائے۔ الحمد للہ، اُسے ناک سے چنے چبوائے گئے اور انڈیا کو شکست ہوئی۔ آئندہ اِس طرح کی صورتحال پیدا کرنے کی جرات نہیں کرے گا۔ لیکن economically downfall معاشی downfall عوام کا system پر اعتماد نہ کرنا اور حکومت کا یا ہمارے پاکستان کی حکومت کا soft power ہے اُس کا ختم ہو جانا، ختم ہونے کے قریب ہو جانا، کیسے survive کریں گے آپ؟ آپ آئے ہیں، جنگ بندی کے لیے کوشش کر رہے ہیں، بہت اچھا کر رہے ہیں۔ آپ کو پتا ہو گا کہ Churchill نے عالمی جنگ جیتی تھی اُس وقت لیکن بعد میں election ہار گیا تھا۔ آپ کو کوشش کرنی چاہیے، خطے میں جنگ نہیں ہونی چاہیے لیکن عوام کا پیٹ بھی اُن کے ساتھ ہے، عوام کی مشکلات ہیں، مسائل ہیں۔ ساری کی ساری برائیوں کی جڑ ہے کہاں سے ہے؟ آپ نے پاکستان کے اندر سیاسی عدم استحکام پیدا کیا۔ بینی و بین اللہ بات کر رہا ہوں۔ آپ نے عوام کو system سے detach کیا، اُن کا اعتماد کھو دیا۔ اگر وہاں پر دو عالمی ایٹمی طاقتیں حملہ کر دیتی ہیں، عوام

کھڑے ہو جاتے ہیں، وہاں پر کوئی بھی emergency نافذ نہیں کی جاتی، تو یہاں عوام اگر ساتھ کھڑے ہوں گے تو وہ وہاں سے نکل جائیں گے۔ لیکن اگر ہم اس جرم میں کہ تم political worker ہو، تم نے جیل میں رہنا ہے، تم جوان ہو، اس وطن کے بیٹے ہو، تم بزرگ ہو، تم بڑی خاتون ہو، تم Doctor ہو، تم دہشت گرد ہو۔

جناب والا! مولانا صاحب نے ابھی جو بتایا میں نے بھی اُس پر بات کرنی تھی، جو بنوں میں ہوا، رات ساری حملہ ہوتا رہا، قریبی وہاں پر Cantonment بھی ہے۔ آپ یقین کریں کہ وہاں کے عام لوگوں نے پولیس والوں کی مدد کی ہے اور کوئی مدد کو نہیں پہنچا۔ یہ بہت بڑا مسئلہ ہے، امن و امان کا، غربت جب آتی ہے، اخلاقی فساد بھی پیدا ہوتا ہے اور امن و امان کے مسائل بھی پیدا ہوتے ہیں۔ یہ ساری چیزیں آپس میں جڑی ہوئی ہیں۔ اس کے لیے collective کوششوں کی ضرورت ہوگی۔

جناب چیئرمین! میں بہت مختصر کر دیتا ہوں میرے چند سوال ہیں، وہ میں کہہ دیتا ہوں، اُس کے بعد دو باتیں اور کروں گا۔ یہ ہمارے ایک دوست نے، میں نے کوشش کی تھی کہ جو پہلے سات، آٹھ صفحے لکھے ہوئے تھے چھوڑ دو، اِن سوالوں کے جواب دے دیں، آج دیں، کل دیں، جب مرضی دیں۔ نمبر ایک پاکستان پورے region کے اندر یہاں پر سب سے زیادہ taxes کا rate کیوں ہے؟ سب سے زیادہ taxes یہاں پاکستان کے پورے region میں کیوں ہیں؟ دوسرا سوال یہ ہے کہ پورے region میں پاکستان میں سب سے زیادہ بجلی مہنگی کیوں ہے؟ نمبر تین، پاکستان کے پورے region کے اندر GDP کی growth سب سے کم کیوں ہے؟ اسی طرح سے پورے region کے اندر پاکستان میں unemployment سب سے زیادہ کیوں ہے؟ اسی طرح سے پورے region کے اندر پاکستان میں poverty کا rate سب سے زیادہ کیوں ہے؟ اسی طرح سے پاکستان کے پورے region میں inflation سب سے زیادہ کیوں ہے؟ اسی طرح سے پاکستان میں یہاں پر policy rate highest کیوں ہے؟ اسی طرح سے petrol کی prices پہلے بات ہو رہی تھی، پورے region کے اندر پاکستان میں موجودہ حالات کے دوران سب سے زیادہ کیوں بڑھی ہیں؟ کوئی جواب ہے اس کا؟ جب سے جنگ شروع ہوئی ہے یعنی حملہ شروع ہے America اور Israel کا Iran کے اوپر اُس وقت سے taxes کیوں بڑھا دیے گئے ہیں؟ Highest ratio taxes بڑھنے کی، یہ کیوں ایسے ہوا ہے؟ Petroleum levy کو جتنا بڑھایا گیا ہے۔ اسی طرح سے آپ بتائیں کہ پاکستان کے اندر جیسے میں نے پہلے کہا کہ investment کا lowest ratio پورے region کے اندر کیوں ہے؟

جناب والا! Finally بتائیں کہ پاکستان میں ہماری elite ہے ان کا lavish style کیوں ختم نہیں ہو رہا؟ ہم حقائق کو دیکھ کر کیوں اپنے آپ کو اس کے مطابق نہیں ڈھال رہے؟ یہ ایک بات۔ بس ختم کرتا ہوں۔ (جاری۔۔۔T-16 )

T16-11May2026 Tariq/Ed: Waqas 08:20 pm

سینیٹر راجہ ناصر عباس۔۔۔(جاری)۔۔۔ہم حقائق کو دیکھ کر کیوں اپنے آپ کو اس کے مطابق نہیں ڈھال رہے ہیں۔ یہ ایک بات ہے۔ بس میں ختم کرتا ہوں۔

دوسری بات یہ کہ دیکھیں موجودہ حکومت، ان کے allies اس وقت ان بحرانوں کا تنہا بوجھ نہیں اٹھا سکتے۔ اس سے پہلے کہ system collapse کر جائے اور ڈھے جائے، میں حکومت کو دعوت دیتا ہوں کہ reconciliation کی طرف آئیں، چیزوں کو ٹھیک کرنے کی طرف آئیں، سیاسی بحران کو حل کریں۔ آپ نے عمران خان صاحب کو جیل میں ڈالا ہوا ہے، کسی کو ان سے ملاقات نہیں کرنے دیتے ہیں۔ ان کی آنکھ کی بیماری خطرناک ہے۔ آپ سارے parliamentarians اور سیاست دان ہیں۔ آپ کا ایک دوسرے کے بارے میں دل دھڑکنا چاہیے۔ اگر دشمن بھی مشکل میں ہو تو آپ کو اس کا ساتھ دینا چاہیے۔ کیوں نہیں بتاتے؟ بیماری کے بارے میں صحیح پتا نہیں ہے، علاج کے بارے میں صحیح پتا نہیں ہے، اس کے نتائج کے بارے میں صحیح پتا نہیں ہے اور مشکلات کھڑی کی ہوئی ہیں۔ کیا ممکن ہے کہ سینیٹ کے چیئرمین صاحب یہاں سے ایک کمیٹی بنادیں، تین چار سینیٹرز پر مشتمل ایک کمیٹی جو جا کر عمران خان صاحب سے مل لیں اور حقیقت لوگوں کے سامنے رکھے۔ ساتھ اب ان کی زوجہ بھی بیمار ہو گئی ہیں، ان کو بھی آنکھوں کا مسئلہ ہو گیا ہے۔ آخر انسان اتنا بے درد کیوں ہو جاتا ہے؟ ان کو اتنا عرصہ ہوا آپ نے جیل میں رکھا ہوا ہے، ایک ہزار دن سے اوپر ہو گئے، دل ٹھنڈا نہیں ہوا ہے۔ سکون حاصل کرنے کے لیے اور کتنا رکھنا ہے؟ بالآخر آپ نے اس دنیا میں بھی رہنا ہے، آخرت میں جا کر خدا کو بھی جواب دینا ہے۔ ظالم پر بھی ظلم کرنا گناہ ہے۔ ظالم کے ساتھ قانون کے مطابق behave کریں۔ میں نے ایک دفعہ کہا تھا حتیٰ کہ فرعون کے ساتھ بھی ظلم کرنا گناہ ہے۔ فرعون کو اس کے جرم کی سزا ملنی چاہیے لیکن اگر ہم کسی کا حق اسے نہیں دیتے تو وہ ظلم ہے۔ لہٰذا، ضروری ہے، اس ملک کو اگر ہم reconciliation کی طرف لے کر جائیں گے، ہم بہتر ہو جائیں گے۔ سب مل کر، ساری سیاسی جماعتیں اکٹھی ہو جائیں، ان بحرانوں کا مقابلہ کرنے کے لیے اور یہ بوجھ اٹھالیں ورنہ یہ بوجھ کے نیچے دب جائیں گے، موجودہ سسٹم دب رہا ہے۔ اس وقت عوام بہت زیادہ غصے میں ہیں۔ یہ بات بہت ضروری ہے۔

اسی طرح 28ویں آئینی ترمیم کے حوالے سے ایک نیا بحران کھڑا ہونے جارہا ہے۔ ہم آج سے کہتے ہیں کہ یہ متنازع ہے اور ہم اس کی مخالفت کریں گے۔ یہ نہ لے کر آئیں۔ پاکستان کی فیڈریشن، اکائیوں کے بغیر کچھ نہیں ہے۔ اگر ان اکائیوں کو ایک polarized دور کے اندر آپ اس طرح سے neglect کریں گے تو پاکستان کو مزید تباہ کریں گے اور مزید بحرانوں کی طرف لے کر جائیں گے۔ یہ نہیں ہونا چاہیے۔ ان شاء اللہ، مجھے امید ہے کہ عقل prevail کرے گی اور اس طرح کے کام نہیں ہوں گے۔

ان کی بہنیں کل وہاں جائیں گی۔ سینیٹرز کو بلایا ہے، MNAs کو بلایا ہے، سب وہاں جائیں گے۔ جناب چیئرپرسن صاحب! آرڈر کریں، یہاں وزیر صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، آخر میرا ایک سوال ہے۔ سیاست دان کیوں اتنے کمزور ہوگئے ہیں؟ ان کے ہاتھ میں power ہے لیکن یہ کیوں اتنے کمزور ہوگئے ہیں؟ ہم کیوں اتنے بے چارے لگتے ہیں؟ آئیں، اٹھیں، اپنے اوپر اعتماد کریں۔ اللہ تعالیٰ آپ کی مدد کرے گا۔ سچ کے لیے اور حق کے لیے ہم سب مل کر کھڑے ہوں، ان کی بہنوں اور ان کی فیملی کو ان سے ملنے دیں۔ کچھ نہیں ہوتا۔ آسمان زمین پر نہیں گرے گا۔ پوری دنیا میں لوگ آپ کو welcome کریں گے، آپ کی تعریف کریں گے۔ اگر ہم بیان کریں کہ پہلے ایسے ہوا تھا، اب ایسے ہورہا ہے، بھئی! کہیں تو روکو اس شیطانی چکر کو۔ لہٰذا، میری گزارش یہ ہے کہ آئیں اس ملک کو بحرانوں سے بچائیں۔

ابھی بجٹ آنے والا ہے۔ ہم لوگ تباہی کی طرف چلے جائیں گے اور یہ بوجھ نہیں اٹھا سکیں گے۔ یہ سسٹم اکیلے بوجھ نہیں اٹھا سکے گا۔ اس سے پہلے پانی سروں سے گزر جائے اور پھر وقت ہمارے ہاتھ سے نکل جائے، ہمیں چاہیے کہ ہم حالات کو بہتر کرنے کے لیے اقدامات اٹھائیں۔ یہ مادرِ وطن ہے، پاکستان ہمارا وطن ہے، آئیں اس کو بہتر کرنے کے لیے مل کر کوشش کریں اور اس کو بچائیں۔ جس کے پاس power ہے، جو treasury benches پر بیٹھتے ہیں، ان کی زیادہ ذمہ داری ہے، پرائم منسٹر صاحب کی ذمہ داری ہے، آگے بڑھیں، سب کو بلائیں، ان کے ساتھ بیٹھیں، ان کے پاس جائیں۔ ہمارے وزرا ملیں اور جائیں، active ہو جائیں تاکہ صورتحال بہتر ہو جائے۔ آپ دیکھ لیں اگر آپ نے اس بحران کے حوالے سے سیاسی طور پر چیزوں کو حل کیا تو معاشی مسائل بھی حل ہو جائیں گے اور عوام بھی اعتماد کریں گے۔ عوام کو ساتھ ملا کر ہم مقابلہ کر سکتے ہیں ورنہ اس کا مقابلہ کرنا ناممکن ہوگا۔

جناب! آخری بات، یہ جو مذاکرات ہورہے ہیں، آپ ذہن میں رکھ لیں، امریکہ اور اسرائیل کا ایران کے ساتھ جو جھگڑا ہے، یہ ایسا نہیں ہے کہ اس دیوار کا رنگ سفید ہے تو سیاہ کرنا ہے یا سبز کرنا ہے۔ نہیں، ایسا نہیں ہے۔ یہ جھگڑا ایسا ہے کہ اگر ایران باقی رہتا ہے تو اس کا مطلب ہے کہ

اسرائیل کا greater بننے کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہوگا۔ آپ خود سوچیں کہ دو مرتبہ مذاکرات کے دوران ان پر حملہ ہوا ہے۔ ان کے اوپر 47 سالوں سے sanctions ہیں۔ جب پچھلا ایٹمی معاہدہ ہوا تھا تو تقریباً 12 سال تک مذاکرات ہوئے تھے۔ اس لیے یہ چیزیں لمبے عرصے تک چلیں گی۔ اگر کوئی سوچتا ہے کہ کل پرسوں معاہدہ ہو جائے گا اور چیزیں ٹھیک ہو جائیں گی، ایسے نہیں ہے۔ ایسا ہونے والا نہیں ہے۔ میں آپ کو بتا رہا ہوں، آپ تاریخ پڑھیں کہ چیزیں جلدی ٹھیک ہونے والی نہیں ہیں کہ switch on or off کریں گے۔ وہ پہلے کیا کہتا تھا، surrender کریں، یہ کرو، وہ کرو۔ وہ ایران کو برداشت نہیں کر سکتے کیونکہ اگر ایران باقی رہتا ہے تو east کی طرف power shift کوئی روک ہی نہیں سکتا۔ اگر ایران باقی رہتا ہے تو امریکہ کی hegemony کے زوال اور اسرائیل کے زوال کو کوئی روک ہی نہیں سکتا۔ چونکہ اگر گریٹر اسرائیل نہیں بنتا تو اس کی تو بعض جگہ پر چوڑائی چوبیس کلومیٹر ہے۔ اس کی نہ depth ہے اور نہ back ہے۔ اس لیے اس امید پر لوگوں کو رکھنا کہ آج معاہدہ ہو جائے گا، کل ہو جائے گا، پرسوں ہو جائے گا، یہ درست نہیں ہے۔ اس سے پہلے کہ یہ عمارت، اقتصادی عمارت، سیاسی عمارت، سماجی اور امن و امان کی، اپنے pressure اور دباؤ کی وجہ سے ہمارے سر پر آ کر گرے، آئیں خود سے اقدام کریں۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: علامہ صاحب! شکریہ۔ منسٹر صاحب! اگر وقار مہدی صاحب کو پانچ منٹ دے دیں، وہ کہہ رہے ہیں کہ میں بات کرنا چاہتا ہوں۔ اب دیکھیں آٹھ بج کر چھبیس منٹ ہو گئے ہیں تو میرے خیال میں close کرتے ہیں۔ وقار مہدی صاحب اگر پانچ منٹ بات کریں۔ چلیں، دو منٹ بات کر لیں کیونکہ لوگ سارے bore بھی ہو گئے ہیں تو میں کہتا ہوں کہ اس کو close کرنا چاہیے۔

## Assurance given by Senator Syed Waqar Mehdi regarding the issues of harassment faced by Pashtoons in the province of Sindh raised by Senator Manzoor Ahmed

سینیٹر سید وقار مہدی: چیئرمین صاحب! بہت شکریہ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ یہاں ہاؤس میں کراچی شہر کے حوالے سے ہمارے محترم منظور کاکڑ صاحب نے issue اٹھایا، پھر اس پر محترم جناب سینیٹر کامل علی آغا صاحب نے بھی بات کی۔ میں آپ کو یہ بات بتاتا چلوں کہ کراچی شہر جو کہ تقریباً تین کروڑ آبادی کا شہر ہے، اس شہر میں تمام زبانیں بولنے والے لوگ رہتے ہیں۔ ایک سروے کے مطابق اس شہر میں روزگار اور کاروبار کے لیے دو سے تین ہزار لوگ daily بسوں اور ٹرین کے ذریعے شہر آتے ہیں۔ حکومت سندھ وہاں بسنے والوں کے لیے ہر قسم کی سہولت، پانی ہو، راستہ ہو، اس کی کوششیں بھی کرتی ہے۔

جہاں تک بات ہے ہمارے پشتون بھائیوں کی جن کا تعلق بلوچستان سے ہے، اس حوالے سے انہوں نے نشاندہی کی، میں آپ کو بتاتا چلوں، ہمارے محترم بھائی نے بات کی کہ 80 فی صد لوگ protected نہیں ہیں۔ ان شاء اللہ، وہاں سارے لوگ protected ہیں۔ حکومت کسی کے ساتھ زیادتی نہیں ہونے دیتی کیونکہ وہاں پر اگر پشتون ہیں تو پختون بھی ہیں، سینٹرل پنجاب کے لوگ بھی ہیں، جنوبی پنجاب کے لوگ بھی ہیں، اس کے علاوہ کشمیر سے بھی لوگ وہاں رہتے ہیں، وہاں گلگت بلتستان کے لوگ بھی رہتے ہیں، ہمارے سندھ کے دیگر اضلاع کے لوگ بھی وہاں رہائش پذیر ہیں، کام کاروبار اور ملازمتیں کرتے ہیں۔ جہاں انہوں نے بات کی کہ جو وہاں ہوٹل کے مالکان ہیں یا کام کرنے والے لوگ ہیں جس میں ریسٹورانٹ ہیں یا چائے کے ہوٹل ہیں، ان کے ساتھ وہاں کی انتظامیہ یا پولیس زیادتی کرتی ہے تو ایسے کچھ واقعات ہو سکتے ہیں لیکن حکومت سندھ کا خاص طور پر اس حوالے سے جو بھتے کی بات کی گئی ہے، دیگر بات کی گئی ہے یا کسی ویڈیو کی بات کی گئی ہے تو میں اس سے اختلاف کرتا ہوں۔ ضرور ایسا کوئی ایک آدھ واقعہ ہوگا لیکن اگر particular ان واقعات کی نشاندہی کردی جائے تو ہم اس کا ازالہ کر سکتے ہیں۔ جہاں انہوں نے بات کی کہ وزیر اعلیٰ سندھ سے ملاقات کی تو اس کے لیے بھی ان کو یقین دلاتا ہوں کہ ہم وہ ملاقات بھی ان شاء اللہ، arrange کریں گے۔

میں یہ بھی بتاتا چلوں کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے کراچی سے جو منتخب اراکین ہیں، اس میں ہمارے پختون بھی ہیں اور پشتون بھی ہیں۔ یہ نہیں کہ کسی ایک پارٹی سے، سب پارٹیوں کے اندر لوگ ہیں لیکن پاکستان پیپلز پارٹی چونکہ وفاق کی جماعت ہے، تمام لوگوں کو وہ یکساں سمجھتی ہے اور ہم کوشش کرتے ہیں کہ شہر میں رہنے والے ہر شہری کو جو بھی قانونی اور سماجی سہولیات ہیں، جو ان کا حق بنتا ہے، جو وہاں کے شہری ہیں وہ بھی یا جو باہر سے آکر وہاں پر روزگار کرتے ہیں، ان کو بھی، ہم ان کو بہتر سہولیات فراہم کریں۔ میں ان کو یقین دلاتا ہوں کہ اگر کوئی واقعات ہیں۔۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: وقار مہدی صاحب! بس اس کو آپ take up کرلیں اور منظور کاکڑ صاحب کا چیف منسٹر صاحب سے رابطہ کرائیں کیونکہ کافی لوگوں کی complaints ہیں۔

سینیٹر سید وقار مہدی: منظور کاکڑ صاحب اس وقت ہاؤس میں موجود نہیں ہیں۔ اگر وہ واقعات کی نشاندہی کردیں گے تو بہتر ہوگا۔ میں وزیر اعلیٰ سندھ سے بھی بات کروں گا۔

(T17 پر جاری ہے)

سید وقار مہدی: (جاری۔۔۔۔) میں وزیر اعلیٰ سندھ سے بھی بات کروں گا،IG and Commissioner Sindh سے بھی اور ملاقات بھی کر لیں گے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔ میں منسٹر صاحب کو کہتا ہوں کہ اس کو wind up کریں۔ فیصل صاحب اور روبینہ ناز صاحبہ کا نام ضرور تھا لیکن اب بہت دیر ہو گئی ہے، وقت نہیں ہے۔ جی فیصل صاحب بس ایک دو منٹ بات کر لیں۔

**Senator Faisal Rehman**

سینیٹر فیصل سلیم رحمٰن: جناب پریذائیڈنگ آفیسر! میں صرف اتنا کہنا چاہتا ہوں کہ ہمارے خیبر پختونخوامیں کل 35, 40 نوجوانوں کے جنازے اٹھائے گئے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: اس پر بات ہوئی ہے۔

سینیٹر فیصل سلیم رحمٰن: اس پر بات ضرور ہوئی ہے لیکن میں اس ایوان کے سامنے point out کرنا چاہتا ہوں کہ جب وہاں پر ان کے جنازے اٹھائے جا رہے تھے تو دوسری طرف بھنگڑے اور خوشیاں منائی جا رہی تھی۔ اتنی بے حسی نہیں ہونی چاہیے تھی میں اس عوام سے توقع رکھتا ہوں کہ کم از کم آج کے دن ان کے لیے فاتحہ خوانی تو کی جاتی۔ بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: منسٹر صاب wind up کریں۔

**Dr. Tariq Fazal Chaudhry (Federal Minister for Parliamentary Affairs)**

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جناب پریذائیڈنگ آفیسر! بہت شکریہ۔ کافی وقت گزر چکا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ کے لیے کافی زیادہ سوالات بھی آ گئے ہیں۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: کافی سارے سوالات آ گئے ہیں۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: منسٹر صاحب! پہلے فاتحہ خوانی کر دیں۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: میں وہ ہی بات عرض کر رہا تھا کہ ہم شروع وہاں سے کرتے ہیں کیونکہ یہ کوئی حکومت کا یا oppositionکاissueنہیں ہے۔ یہ سب کا مشترکہ مسئلہ ہے اس پر بات بھی کریں گے۔

(اس موقع پر ایوان میں فاتحہ خوانی کرائی گئی)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: فیصل صاحب اب اس کو wind up کر رہے ہیں۔ انہوں نے جواب دینا شروع کر دیا ہے۔ میرا خیال ہے اس کو اب close کر دیں۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جناب پریذائیڈنگ آفیسر! میری گزارش یہ ہے کہ تمام تر تفصیلات پر بات ہو گئی ہے۔ اس پر کل دوبارہ بات کر لیں، کل بھی اجلاس ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: کل اجلاس ہے تو آپ اسی بات کو کل کر لیں۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: اب اس کو چلنے دیں اس طرح نہ کریں۔ میرا خیال ہے کہ اس کو اب چلنے دیں، اب یہ تو نہیں ہے کہ تقریر شروع ہو جائے اور آپ اندر آ جائیں اور سارا ماحول disturb کریں۔ میرا خیال اس کو ابcloseہونے دیں۔ Leader of the Oppositionنے close کر دیا ہے، میرا خیال ہے کوئی طریقہ کار ہوتا ہے۔ میری گزارش یہ ہے کہ جو مختلف مسائل کے حوالے سے میرا نہیں خیال کہ ملک میں جو موجودہ مسائل اس وقت چل رہے ہیں کوئی ایسا مسئلہ رہ گیا ہوگا جس پر honourable membersنے بات نہیں کی۔ میں کوشش کروں گا کہ بہت اختصار کے ساتھ ان کے جو جوابات بنتے ہیں وہ بھی دیں اور جس کے اوپر کوئی actionableچیزیں ہوں گی اس کے اوپر action بھی آپ کو بتائیں گے کہ کیا ہونے جا رہے ہیں اور اس کے ساتھ ایوان کوresult بھی ان شاءاللہ دیں گے۔ سب سے پہلے تو جو اس وقت میں اپوزیشن کے ان ممبران کا جنہوں نے جو بنیان مرصوص میں پاکستان کی افواج کا ایک شاندار کردار اس کے علاوہ انڈیا کے خلاف جو ایک سال پہلے معرکہ حق میں پاکستان کو ایک شاندار فتح نصیب ہوئی۔ اس پر انہوں نے بھی ہمارے تمام مسلح افواج کو خراج تحسین پیش کیا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میڈم! صرف چار پانچ ممبرز بیٹھے ہیں، ساڑھے آٹھ بج گئے ہیں اب وہclose کر رہے ہیں۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: کل ایک سال مکمل ہونے پر پورے ملک میں، چاروں صوبوں میں اور اسلام آباد میں پوری قوم نے اپنے ان بہادر غازیوں کو اور اپنے ان شہداء کو جنہوں نے بنیان مرصوص میں اپنے وطن عزیز کی حفاظت کی سب کو خراج تحسین پیش کیا۔ مختلف جگہوں پر پروگرام منعقد کیے گئے، ریلیاں منعقد کی گئیں اور اس دن کو یوم تشکر کے طور پر منایا گیا۔ پاکستان کے وہ تمام افسران اور جوان جو وطن کی حفاظت کے لیے Law Enforcing Agencies انہوں نےاپنے سے بہت بڑے دشمن کے ساتھ مقابلہ کیا۔ پاکستان کا نام سر بلند کیا، ہندوستان کے آٹھ جہاز گرائے پوری دنیا کے لیے ایک test caseبنا۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہم اللہ تعالیٰ کے بہت شکر گزار بھی ہیں اور اس پر ہم بجا طور پر انتہائی عاجزی کے ساتھ فخر کر سکتے ہیں کہ پاکستان کو پوری دنیا میں ایک پذیرائی ملی اور پاکستان کا نام جو ہے وہ بلند ہوا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر! اس کے ساتھ ساتھ جنdiplomatic effortsکا ذکر ہوا پاکستان اس وقت بین الاقوامی ایسا تنازعہ جس سے پوری دنیا کی معیشت متاثر ہو رہی ہے، پوری دنیا کا امن متاثر ہو رہا ہے وہ امریکہ اور ایران کی جنگ ہے۔ اس میں ہماری ثالثی کی جو کوششیں ہیں انہیں جو پذیرائی حاصل ہو رہی ہے اور دونوں ممالک پاکستان پر جس طرح اپنے اعتماد کا اظہار کر رہے ہیں۔ پوری دنیا میں کوئی ایسا شہر اور کوئی ایسا ملک نہیں ہے کہ جہاں پر پاکستان کا نام نہ لیا جا رہا ہو، کوئی ایسا channelنہیں ہے جہاں پر پاکستان کا نام جو ہے وہ زیر بحث نہ ہو اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے ستائش کے ساتھ، عزت کے ساتھ یہ نام لیا جا رہا ہے۔ ہر پاکستانی کے لیے، آپ بھی، ہم سب پاکستان سے باہر جو ہمارے بھائی اور بہنیں آباد ہیں overseas Pakistanisپہلی دفعہ ہم ان سے سنتے ہیں کہ وہ آج بڑے فخر کے ساتھ وہاں بتاتے ہیں کہ میرا تعلق پاکستان سے ہے اور میرا پاسپورٹ پاکستان کا ہے یا اگر صرف ایک رکھتے ہیں تو وہ بھی پاکستان کا ہے تو یہ ہمارے لیے بڑی عزت کی بات ہے۔ میری گزارش یہ ہے کہ جس کا میں ذکر کر رہا ہوں جس سے عالمی تنازعہ کا، جنگ کا یقیناً اس کےrepercussions ہیں اور پوری دنیا پر ہیں اور اس کی وجہ سے پوری دنیا کی معیشت بری طرح متاثر ہو رہی ہے۔ خاص طور پر وہ ممالک جن کا تیل اور باقی اشیاء خوردو نوش ہیں وہ آبنائے ہرمز کے ساتھ وابستہ ہیں۔ ان ملکوں کے اوپر جو economic pressuresہیں وہ یہ زیادہ feelکر رہے ہیں۔ بعض ممالک ایسے ہیں جہاں پر تیل آبنائے ہرمز سے گزر کر نہیں جاتا لیکن ہمارا تیل چونکہ main sourceہے لہٰذا ہمیں یہ problemہے اور اس سے تیل کی

قیمتوں میں بھی اضافہ ہوا ہے۔ حکومت بالکل بھی شوق سے نہیں کر رہی ہم خود اس pressureمیں ہیں ۔ ہماری جب meetingsہوتی ہیں میں آپ کو یقین سے کہتا ہوں کہ میں نے وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف کو کبھی اتنا پریشان نہیں دیکھا جو اس تیل کےissue کے اوپر اور پٹرول کی قیمتوں کے اضافے کے حوالے سے وہ پریشان ہیں۔ ہمارے وزیر پیٹرولیم جب انہیںbrief کرتے ہیں تو ان کی ہمیشہ یہی direction ہوتی ہے کہ کم سے کم بوجھ عوام کو transmitکیا جائے۔اس کے ساتھ ساتھ ہم یہ بھی جانتے ہیں کہ IMFکے ساتھ بھی ہمارے معاہدے ہیں، ہم ایک پروگرام میں ہیں ہماری وہ بھی مجبوریاں ہیں۔ اس کے باوجود ہم پوری کوشش کر رہے ہیں ایک طرف تو یہ جو جنگ کا معاملہ ہے یہ جلد از جلد ختم ہوا اور ان شاء اللہ اس سے جو ہماری معیشت کو اور اس خطے میں باقی ممالک کی معیشت کو بھی challengesدرپیش ہیں وہ جلد از جلد ختم ہو۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر! دوسرا جو مسئلہ عمران خان صاحب کے علاج کے حوالے سے اور ان کی ملاقات کے حوالے سے دو تین honourable senatorsنے بات کی ہے۔ میں بڑے اختصار سے عرض کروں گا کہ اس کے لیے ہم بار بار یہ بات کر چکے ہیں کہ ان کے علاج کی تمام تر سہولیات انہیں میسر ہیں اور میں نے کل بھی یہاں ایوان میں کھڑے ہو کر یہ بات کی تھی کہ یہ کہا گیا کہ جی رات کے اندھیرے میں بشریٰ بی بی یا عمران خان کو کیوں لے کر جایا گیا تو میں نے بہت ادب سے یہ عرض کہ میڈیکل ایمرجنسی کوئی وقت دیکھ کر نہیں آتی جس وقت بھی عمران خان ہو، بشریٰ بی بی ہو یا کوئی بھی اور قیدی جو اڈیالہ جیل میں ہے جن کی تعداد سات اٹھ ہزار ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ان کے علاج کی اچھیqualityکوensure کرتے ہیں۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: انہیں فوری طور پر علاج معالجہ کی سہولت مہیا کی گئی ہے اور آئندہ بھی کی جائے گی۔ Austerity driveکے حوالے سے بات کی گئی کہ حکومت شاید اس میں کوئی پس و پیش کر رہی ہے۔ پوری کوشش کی جارہی ہے کہ جہاں جہاں سے بچت کی جا سکتی ہے وہ کی جائے۔ آج بھی Cabinet DivisionنےAusterity measuresکے حوالے سے نیاnotificationجاری کیا ہے۔ اس میں سب سے زیادہ جو متاثر ہو رہے ہیں وہ وفاقی کابینہ کے وزراء ہیں جن کی تنخواہیں ساری بند ہیں اور انہوں نے خود اس بات پر پرائم منسٹر صاحب کوvoluntarily کہا کہ ہم یہ تنخواہیں نہیں لیں گے جب تک یہ سارا معاملہ اس طرح چل رہا ہے۔ ان کی گاڑیاں جو بڑی گاڑیاں تھیں وہ واپس ہو چکی ہیں، ان کی گاڑیوں کو جوpetrol ملتے تھے وہ سارے ختم ہو

چکے ہیں۔ یہ symbolic ہے میں نہیں کہہ رہا کہ اس سے پاکستان میں کوئی معاشی انقلاب آجائے گا لیکن یہ symbolic ہے کہ اگر کابینہ اپنی مراعات چھوڑ رہے ہیں۔ وہ voluntarily یہ protocol چھوڑ رہے ہیں اور باقی protocols پر بھی پرائم منسٹر صاحب نے بڑی سختی سے پابندی لگائی ہوئی ہے۔

میں آخری بات عرض کر دوں آپ بھی ماشاءاللہ seasoned Parliamentarian ہیں، اب اگر کوئی official delegation پر بھی پاکستان سے کوئی MNA، کوئی ہمارا Senator اور کوئی ہمارا وزیر جاتا ہے وہ اپنے ذاتی خرچے پر جاتا ہے۔ وہ ticket بھی خود لیتا ہے۔ (جاری-----T18)

**T18-11May2026 FAZAL/ED: Shakeel 08:40 pm**

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری (جاری ہے۔۔۔) وہ ٹکٹ بھی خود لیتا ہے اور وہ اپنی رہائش کا خرچہ بھی خود ادا کرتا ہے۔ حکومت کسی طرح کے کوئی اخراجات بالکل برداشت نہیں کر رہی ہے۔ اور اس کے ساتھ ساتھ میں یہ بھی عرض کر دوں کہ ہماری معیشت کے لیے challenges ہیں۔ اس میں کوئی دو رائے نہیں ہیں کہ ہم اس سے پہلے بھی struggling economy اور challenges کے ساتھ ایک economy کے ساتھ ہم آگے بڑھ رہے ہیں۔ ہمارا PDM کا دور حکومت ہو یا ابھی ہمارے تقریباً دو سال مکمل ہوئے ہیں اللہ تعالیٰ کے فضل سے معاشی طور پر ملک نے بالکل ترقی کی ہے۔ آپ کے تمام economic indicators بہتری کے ہیں، ملک کو آگے لے کے جانے کے حوالے سے ترقی ہوئی ہے اور یہ challenges جس میں ابھی اس وقت پاکستان کو درپیش ہے، جو میں آپ کو جنگ کے تناظر سے کہہ چکا ہوں، ان شاء اللہ تعالیٰ اس سے بھی ہم نکلیں گے اور پاکستان ترقی کرے گا۔

میں اسی موضوع کے ساتھ جڑے ہوئے یہ بات عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہم صرف اس وقت یہ جو دو میں نے آپ کو شاندار پاکستان کی کامیابیاں ایک سال کے اندر جو اللہ تعالیٰ نے ہمیں عطا کی، الحمدللہ، جن کا میں نے ذکر کیا، وہ معرکۂ حق میں کامیابی، وہ پاکستان کی بہترین سفارت کاری کے نتیجے میں پوری دنیا میں آپ کا جو نام ہے، اس سے صرف ہم خوش نہیں ہوں گے۔ ضرور تو ہم خوشیاں منا رہے ہیں، لیکن میں نے کہا صرف خوش نہیں ہوں گے، اس کا مطلب یہ ہے کہ ہم نے کام بھی کرنا ہے۔ ہم اس خوشی کو منانے کے ساتھ ساتھ پاکستان کے ان challenges سے بھی ان شاء اللہ تعالیٰ لڑیں گے۔ ہم اس کے ساتھ ساتھ پاکستان کے مسائل کو بھی حل کریں گے۔ میں اپوزیشن کو یہ بات

عرض کروں گا کہ آپ بھی اس میں آگے بڑھیں۔ آپ نے بڑا اچھا کہا کہ ہم بے شک اپوزیشن میں ہیں، سینیٹر محسن صاحب کہہ رہے تھے، لیکن ہم پاکستانی سب سے پہلے ہیں اور پاکستان کا درد رکھتے ہیں۔ اگر یہ سوچ پائی جائے گی تو ان شاء اللہ تعالیٰ پاکستان کے challenges حل کرنے کے حوالے سے بہت بہتری آئے گی اور بڑی جلدی ہم وہ تمام اہداف حاصل کریں گے جس کے لیے گورنمنٹ کوشش کر رہی ہے۔

جناب چیئرمین! میں اس پر بڑی لمبی بات کر سکتا ہوں۔ یہ موضوع میرے دل کے بہت قریب ہے کہ کس طرح ہم نے پاکستان کو آگے لے کر جانا ہے۔ اس کی Internal Security, External Security, Economy, Stability and Political Polarization یہ ساری کی ساری ہمارے ٹارگٹ پر ہیں۔ چاہے وہ Prime Minister شہباز شریف صاحب ہوں، Field Marshal سید عاصم منیر ہوں، جن کی میں نے پہلے کامیابیوں کا ذکر کیا، معاشی میدان میں، جنگی میدان میں بہترین حکمتِ عملی، وہ بھی اس میں ان شاء اللہ جس سنجیدگی کے ساتھ لگے ہوئے ہیں، Results آپ کو نظر آ رہے ہیں اور مزید بھی نظر آئیں گے۔

جناب چیئرمین! بجٹ کے حوالے سے میں یہ عرض کرتا چلوں، اس کا اختصار کے ساتھ ذکر ہوا ہے۔ بجٹ کے لیے بھی میں اپوزیشن کو دعوت دیتا ہوں کہ آپ کی representation جو ہماری Finance Committee National Assembly کی ہے، جو ہماری Finance Committee Senate کی ہے، آپ کی نمائندگی وہاں پر موجود ہے۔ بجٹ یہاں present ہوگا، اس کے بعد National Assembly میں present ہوگا، آپ اپنی positive input اس میں دیں۔ میں آپ کو Government کی طرف سے یقین دلاتا ہوں کہ تمام آپ کی مثبت تجاویز ضرور بجٹ میں incorporate کی جائیں گی، لیکن وہ صرف تنقید برائے تنقید نہ ہو، fact-based ہوں، ان شاء اللہ تعالیٰ ہم ان کو ضرور incorporate کریں گے۔

ابھی جو بات کی گئی، دو واقعات کا ذکر کیا گیا، ویسے تو سینیٹر وقار صاحب نے اس پر یقین دہانی کرائی ہے۔ منظور کاکڑ صاحب نے جو سندھ میں پشتون، چاہے وہ طلباء ہیں، چاہے وہ مزدور ہیں، ان کو کام کرنے کے حوالے سے challenges کا ذکر کیا، انہوں نے House کو surety دی ہے۔ میں بھی assure کرتا ہوں کہ ہم مل کر ان شاء اللہ Chief Minister سے بات کریں گے اور اگر کسی جگہ پر کوئی ایسا مسئلہ ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ضرور بات کریں۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: وہ سب پاکستانی ہیں، چاروں صوبے ہماری اکائیاں ہیں۔ یہاں پر اگر کسی کو بھی دوسرے صوبے میں، اپنے صوبے میں کوئی challenge ہوتا ہے، ہم ان شاء اللہ تعالیٰ اسے حل کریں گے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: وفاقی حکومت کا یہی کام ہے۔ بالکل آپ لوگوں کا یہی کام ہے۔ .Thank you

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جو Chief Minister بلوچستان ہیں، ان سے ہم ان شاء اللہ بات کریں گے۔

جناب چیئرمین! میں اختصار کے ساتھ آگے آتا ہوں۔ جس ایک واقعے کا ذکر بنوں میں کیا گیا، ایک انتہائی افسوسناک واقعہ ہے۔ جناب چیئرمین! آپ اس بات کو ضرور endorse کریں گے کہ جب سے پاکستان نے افغانستان کی سرحد پہ Intelligence-Based Operationsشروع کیے ہیں، جس میں صرف دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں ہو رہی ہیں، اس سے پاکستان میں دہشت گردی کے واقعات میں 60 سے 70 فیصد کمی آئی ہے۔اور آج آپ دیکھیں کہ دہشت گردوں کو یہ جرات نہیں ہو رہی کہ وہ ہمارے جو hard targets ہیں، اس سے پہلے چوکیوں پر حملے ہوتے تھے، Law Enforcing Agenciesکے قافلوں پر حملے ہوتے تھے، وہاں پر بارودی اور دھماکا خیز مواد جو ہے وہ چھپائے جاتے تھے، وہ واقعات اب نہ ہونے کے برابر ہیں۔ لیکن اب جب وہ دیکھ رہے ہیں کہ ہم hard targets پر نہیں جا سکتے، تو وہ soft targets کے اوپر حملہ کر رہے ہیں، جس میں یہ ہمارے بہادر پولیس کے جوان، جو کہ اس صوبے کی شان ہیں، جو میں نے دیکھا ان کی باقی جو force ہے، وہاں پر اتنے بڑے نقصان اور سانحے کے باوجود جو شہادتیں ہوئیں، انہوں نے اپنے جذبے کا اظہار کیا، انہوں نے جرات کا اظہار کیا اور انہوں نے اپنے صوبے کے لیے لڑنے کا اظہار کیا۔ ہم ان کی جرات کو، شہداء کو، ان کی families کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ لیکن میں یہ عرض کروں گا کہ وہ تمام Law Enforcing Agencies کے جوان اور افسران، جو وہاں پر دہشت گردی کی اس جنگ کے خلاف سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح جم کر کھڑے ہیں، شہادتیں دے رہے ہیں، اپنے بچوں کو یتیم کر رہے ہیں، وہ سب لائقِ تحسین ہیں۔ ہم ان سب کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ وہاں پر اس وقت بڑی challenging صورتحال ہے، لیکن اس کے باوجود وہاں پر ایک ایک ہمارا،

چاہے وہ Intelligence کے لوگ ہیں، چاہے وہ ہماری مسلح افواج کے لوگ ہیں، ہماری دیگر Law Enforcing Agencies ہیں، Police ہے، بڑی جرات مندی کے ساتھ وہ مقابلہ کر رہے ہیں۔ ان کے حوصلے، ان کے عزم کو ہم داد دیتے ہیں اور پوری قوم انہیں خراج تحسین پیش کرتی ہے اور مقروض ہے ان کی بہادری اور ان کی قربانیوں کی۔ اور ان شاء اللہ میں یقین دلاتا ہوں کہ دہشت گردی کی یہ جو جنگ ہے، یہ ہم ان شاء اللہ ضرور جیتیں گے اور آخری دہشت گرد کے خاتمے تک یہ جنگ جاری رہے گی۔ اس میں بھی میں بالکل بغیر کسی تفریق کے یہ بات کہہ رہا ہوں کہ جو مرکزی حکومت ہے وہ اپنا کردار ادا کر رہی ہے، ہماری جو افواج ہیں، جس طرح انہیں لڑنا چاہیے، اسی جرات اور اسی عزم کے ساتھ وہ لڑ رہے ہیں۔ صوبائی حکومت کو بھی چاہیے کہ clarity لے کر آئیں۔ آپ بھی اس میں یہاں مذاکرات، وہاں مذاکرات، سب مذاکرات ہم نے کیے ہیں۔ ہم نے افغانستان کے ساتھ ترکی میں بھی مذاکرات کیے ہیں، دوحہ میں بھی مذاکرات کیے ہیں۔ صرف ایک ہماری request تھی اور ہے کہ خدا کے لیے جو دہشت گرد آپ کے ملک سے ہمارے ملک میں آتے ہیں اور دہشت گردی پھیلاتے ہیں، انہیں آپ روکیں۔ اس کے علاوہ ہم نے ان سے کوئی اور مدد نہیں مانگی، بلکہ ہم ان کی ہر طرح کی مدد کرنے کے لیے تیار ہیں، پہلے بھی کی ہے ہر مشکل challenge میں افغانستان کے ساتھ صرف پاکستان کھڑا رہا ہے۔ چالیس لاکھ سے زائد ان کو ہم نے یہاں پر بطور مہمان رکھا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بالکل۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: آج بھی وہ لاکھوں کی تعداد میں پاکستان میں موجود ہیں۔ ہماری صرف ایک درخواست ہے۔ اور ہم نے کوئی ایسا قصور نہیں کیا ہوا کہ آپ کے افغانی لوگ وہاں سے آئیں اور یہاں پر آ کر وہ دہشت گردی کریں۔ اس لیے ہم نے آپ سے یہ گزارش مذاکرات میں بھی کی ہے اور صوبائی حکومت سے میں نے بات شروع کی تھی کہ انہیں بھی چاہیے کہ وہ اس میں اپنا کردار ادا کریں۔ یہ جو دہشت گردی کی جنگ ہے، یہ جو Law Enforcing Agencies ہوتی ہیں، یہ جو issues ہیں، اس کو آپ بھی address کرنے کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: منسٹر صاحب! almost سارے points address ہو گئے ہیں۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جی جناب! بس ایک دو آخری points جو ہیں، وہ اگر نہ ہوئے تو میرا خیال یہ ہے کہ زیادتی ہو گی۔ میں Coast Guards کے حوالے سے جو بات ہوئی ہے، میں اس کے حوالے سے عرض کرنا چاہوں گا کہ یہ بھی دہشت گردوں کا اور ان کے سہولت کاروں کا بلوچستان میں جو Coast Guards کی فائرنگ سے شہریوں کی شہادت کی، ہلاکت کی بات ہوئی ہے، یہ بالکل غلط ہے۔ میں Floor of the House پر حقیقت آپ کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں۔ جناب چیئرمین! بلوچستان میں Kuntani Transport Area ہے جہاں پر 8 مئی کو دہشت گردوں کی طرف سے فائرنگ ہوتی ہے اور دو جوان Coast Guards کے ہمارے شہید ہوتے ہیں۔ لیکن اس کے باوجود انتہائی صبر اور تحمل کا مظاہرہ کیا گیا۔ کوئی ایسی فائرنگ نہیں کی گئی کہ جس سے کسی بھی شہری کی جان کو کوئی خطرہ ہو یا کوئی زخمی ہو۔ ابھی جو واقعہ ہوا ہے اس میں بھی دہشت گرد involved ہیں، ان کے سہولت کار involved ہیں۔ ان کی فائرنگ سے شہری بھی زخمی ہوئے ہیں۔ Coast Guard کے لوگ جو ہیں وہ آج محفوظ رہے ہیں۔ لیکن 8 تاریخ کو میں نے آپ کو بتایا کہ دو Coast Guard کے جوانوں کی شہادت ہوئی ہے۔ لہٰذا یہ Coast Guards کا لوکل آبادی کے ساتھ، شہریوں کے ساتھ دوستانہ ماحول میں وہ کام کر رہے ہیں۔ وہاں پر جو ہمارے سول لوگ جو ماہی گیری کرتے ہیں، ان کی جان کی حفاظت بھی Coast Guards کرتے ہیں۔ تو دہشت گرد جو ہیں وہ وہاں پر جو کارروائیاں کر رہے ہیں انہیں expose کرنے کی ضرورت ہے۔

جناب چیئرمین! میں بالکل آخر میں ایک نکتہ ہے۔ Honourable سینیٹر صاحب بھی یہاں تشریف فرما ہیں۔ ہمارے پاکستان کے نوجوان Doctors جو پاکستان سے باہر MBBS کی Degree کے لیے جاتے ہیں، کئی ممالک میں جاتے ہیں، China میں جاتے ہیں، Kyrgyzstan ہے، Uzbekistan ہے، even Afghanistan ہے وہاں پر بھی جو پاکستانی students موجود ہیں۔ یہ جب واپس آتے ہیں تو بہت زیادہ challenges کا شکار ہوتے ہیں اور اس وقت PMDC کے ساتھ ان کا جو معاملہ ہے، وہ اس کیفیت میں ہے کہ ان میں بڑی تشویش پائی جا رہی ہے۔

Mr. Presiding Officer: Deadlock.

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: کہ ان کو یہاں پر جو registration پہلے Colleges کی ہوتی تھی، آج بھی ہے، لیکن یہاں پر ان Doctors کی induction کے process کے لیے PMDC کے system میں جو challenges درپیش ہیں۔ میں انہیں یقین دلاتا ہوں کہ ان شاء اللہ میں ذاتی طور پر بھی PMDC سے بات کروں گا اور یہ تقریباً کوئی بارہ سو کے قریب Doctors ہیں جو اس وقت اس issue سے وہ suffer کر رہے ہیں۔ تو ان شاء اللہ I assure you ہم اس کو بھی حل کریں گے۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بالکل یہ ہمارا اثاثہ ہیں۔ آپ ان کے لیے کوشش کریں گے تو اس کا شکریہ۔

Thank you very much. The proceedings of the House stand adjourned to meet again on Tuesday the 12th May, 2026, at 04:00 pm.

---------------

*[The House was then adjourned to meet again on Tuesday, 12th May, 2026 at 04:00 pm]*

---------------